بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

ماشَآءَ اللّٰہُ لَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ   یَاحَیُّ یَاقَیُّوۡمُ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمۡ وَبَارِکۡ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوۡلٰنَا وَحَبِیۡبِنَا مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الۡاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَعِتۡرَتِہٖ بِعَدَدِ کُلِّ مَعۡلُوۡمٍ لَّکَ وَبِعَدَدِ خَلۡقِکَ وَرِضٰی نَفۡسِکَ وَزِنَۃَ عَرۡشِکَ وَمِدَادَ کَلِمَاتِکَ اَسۡتَغۡفِرُ اللّٰہَ الَّذِیۡ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَالۡحَیُّ الۡقَیُّوۡمُ وَاَتُوۡبُ اِلَیۡہِ   یَاحَیُّ یَاقَیُّوۡمُ

مکشوفاتِ منازلِ احسانؒ

المعروف بہ

مقالاتِ حکمت دارالاحسانؒ

لِلتَّقۡسِیۡمِ وَالتَّوۡزِیۡعِ فِیۡ سَبِیۡلِ اللّٰہِ

لانتفاعِ و النفع

لِجَمِیۡعِ اُمَّۃِ رَسُوۡلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ

لمرضات اللہ تعالی ورسولہ الکریم صلی اللہ علیہ واٰلہ وسلم ۔ اٰمین

مؤلف : ابوانیس محمد برکت علی لودھیانوی عفی عنہ

المقام النّجاف الصّحاف لمقبول المصطفین ○ دارالاحسان فیصل آباد پاکستان

یا حی یا قیوم

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○ مَا شَآءَ اللّٰہُ لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ

اللّٰھم صلّ وسلّم وبارک علیٰ سیّدنا ومولٰنا وحبیبنا محمد النبی الاُمّی وعلیٰ اٰلہٖ واصحابہٖ وعترتہٖ بعدد کلّ معلوم لّک وبعدد خلقک ورضیٰ نفسک وزِنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللّٰہ الذی لا الٰہ الا ھو الحیّ القیوم واتوب الیہ یا حیّ یا قیوم

۲۷ رمضان المبارک ۱۴۱۰ھ
(لیلۃ القدر)

جلدِ بستم ۲۰

طبع ——— اوّل

مطبع ——— نثار آرٹ پریس پرائیویٹ لمیٹڈ، لاہور

طابع ——— المستفیض دار الاحسان، فیصل آباد

مقامِ اشاعت

المقام النّجاف الصّحاف المقبول المصطفین ◎ دارُالاِحسان

المستفیض دارُالاحسان چک ۲۴۲ ر۔ب (دسوہہ) سمندری روڈ، ضلع فیصل آباد پنجاب پاکستان — فون نمبر: ۴۶۶۰۰

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یاذا الجلال والاکرام

صدق اللہ

یاذاالجلال والاکرام

كتاب النبى الامى صلى الله عليه وسلم

بسم الله الرحمن الرحيم ما شاء الله لا قوة الا بالله يا حي يا قيوم اللهم صل وسلم وبارك على سيدنا ومولانا وحبيبنا محمد النبي الامي وعلى آله واصحابه وعترته وبعدد كل معلوم لك وبعدد خلقك ورضى نفسك وزنة عرشك ومداد كلماتك استغفر الله الذي لا اله الا هو الحي القيوم واتوب اليه يا حي يا قيوم

الحمد لله الذي جعل الظلمات والنور ثم الذين كفروا بربهم يعدلون ○ هذا كتاب من محمد رسول الله صلى الله
عليه وسلم النبي الامي المكي المدني التهامي الحجازي الابطحي صاحب القضيب والناقة والتاج والكرامة صاحب شهادة
لا اله الا الله وان محمدا رسول الله الى متصرف الدار والديار والزوار والعمار الا طارقا يطرق بخير ○
اما بعد فان لنا ولكم في الحق سعة فان يكن طارقا موليا او موذيا اى خدعنا حقا او باطلا او موذيا او مقتحما
فاتركوا حملة القرآن وانطلقوا الى عبدة الاوثان يرسل عليكما شواظ من نار ونحاس فلا تنتصران ○ بسم الله الرحمن
الرحيم ○ باسم الله وبالله ولا غالب الا الله ولا احد مثل الله ولا شئ سوى الله وبسم الله استفتح وعلى الله اتوكل
حامل كتابي هذا في امان الله وفي حفظه وفي كنفه وفي ستره اين ما كان وحيث ما توجه لا تقربوه ولا تفزعوه ولا
تضاروه قائما وقاعدا ونائما ولا في الاكل والشرب ولا في الليل والنهار ولا في يوم ولا في نهار ولا في بر و
لا في بحر وكلما سمعتم صوت حامل كتابي بالف لا حول ولا قوة الا بالله فادبروا عنه بلا اله الا الله محمد رسول
الله ، بالله الذي هو غالب على كل شئ وهو اعلى من كل شئ وهو على كل شئ قدير ، وبمحمد رسول الله النبي
الامي المبعوث الى الثقلين ○ اللهم احفظ حامل كتابي هذا ، بل من علق عليه هذه الاسماء بالاسم الذي هو مكتوب
على سرادقات العرش انه لا اله الا الله محمد رسول الله هو الغالب الذي لا يغلبه شئ ولا ينجو منه هارب ، فاعيذه
بالحي الذي لا يموت وبالعين التي لا تنام والعرش الذي لا يتحرك والكرسي الذي لا يزول وبالاسم الذي هو مكتوب في
اللوح المحفوظ وبالاسم الذي هو مكتوب في القرآن العظيم وبالاسم الذي حمل به عرش بلقيس الى سليمان ابن داود عليه
السلام قبل ان يرتد اليه طرفه وبالاسم الذي نزل به جبرائيل على النبي صلى الله عليه وسلم في يوم الاثنين وبالاسم الذي
هو مكتوب في قلب الشمس واعيذه بالاسم الذي سماه به السحاب الثقال ويسبح الرعد بحمده والملئكة من خيفته و
بالاسم الذي تجلى به الرب عز وجل لموسى ابن عمران فخر موسى صعقا ، وبالاسم الذي كتب به على ورق الزيتون
والقى في النار فلم يحترق ، وبالاسم الذي مشى به الخضر عليه السلام على الماء فلم يبتل قدماه ، وبالاسم الذي
نطق به عيسى وهو ابن مريم في المهد صبيا وابرء الاكمه والابرص باذن الله واحيى الموتى باذن الله ، وبالاسم الذي
نجى به يوسف من الجب وبالاسم الذي نجا به ابراهيم عليه السلام من نار نمرود حين القى في النار وبالاسم الذي نجا به
يونس من بطن الحوت وبالاسم الذي فلق به البحر لموسى ابن عمران وجعل كل فرق كالطود العظيم واعيذه بتسع
آيات التي نزلت على موسى ابن عمران بطور سينا ، واعيذه من كل عين ناظرة وكل اذن سامعة والسن ناطقة وايد
باطشة وقلوب واعية في صدور خاوية وانفس كافرة ومن كل من يعمل عمل السوء ومن سوء شر التوابع والسحرة و
من في الجبال والارض والخراب والعمران وساكن الآجام وساكن البحار وساكن ضيق الظلم واعيذه من شر الشياطين
وجنودهم ومن شر كل غول وغولة وساحر وساحرة وساكن وساكنة وتابع وتابعة ومن شرهم وشر آبائهم
وامهاتهم وابنائهم وبناتهم واخوانهم وعماتهم وخالاتهم وقرابتهم ومن شر الموارد والمحرة والطيارات ومن شر
ساكن الجبال والتراب والعمران والرياض والخراب ومن شر من في البر والبحر والجبال ومن يسكن في الظلمات ومن
شر من يسكن في العيون ومن يمشي في الاسواق ويكون مع الدواب والمواشي والوحوش ويسترق السمع ومن اذا قيل
لا اله الا الله يذوب كما يذوب الرصاص والحديد على النار ومن شر ما يكون في الارحام والآجام والآطام ومن شر ما
يوسوس في صدور الناس من الجنة والناس واعيذه من الخطر والنظر والكبر هيا شرا هيا مهلا ، الله هو اجل واعز واقدر من
الجنة والناس واعيذه من كل عين باغية واذن سامعة ومن شر الداخل والخارج ومن شر عفاريت الجن والانس ومن شر
كل ذي شر ومن شر كل غاد ورائح ومن شر ساكن الرياح من عجمي وفصيح ونائم ويقظان واعيذه من شر من تنظر اليه الابصار
وتضم اليه القلوب ومن شر ساكن الارض وساكن الزوايا ومن شر من يصنع الخطيئة ويولع بها ومن شر ما تنظر اليه الابصار
واعيذه من شر ابليس وجنوده ومن شر الشياطين ○

یہ مقدس مکتوب پیرس (فرانس) کے شاہی عجائب گھر سے دستیاب ہوا

پاکستان میں اسکی پہلی بار اشاعت کا شرف دارالاحسان کو نصیب ہوا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ مَاشَآءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا وَحَبِيْبِنَا مُحَمَّدٍ ﷺ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَعِتْرَتِهٖ بِعَدَدِ كُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّكَ وَبِعَدَدِ خَلْقِكَ وَرِضٰى نَفْسِكَ وَزِنَةَ عَرْشِكَ وَمِدَادَ كَلِمَاتِكَ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِىْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ

يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ

مقالاتِ حکمت جلد بستم !

اھلاً و سھلاً

مبارکاً مکرمًا مشرفًا

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحيّ القيّوم
فالله خير الرازقين

وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ

۱۰۳۳۰

یہ زندگی

اللہ العلی العظیم تبارک و تعالیٰ کی امانت ہے

اس میں خیانت مت کر

یہ زندگی
اللہ عزّ و جلّ ذوالجلال والاکرام کے لیے
وقف و مخصوص ہے
ماسوا میں مشغول مت ہو
اللہ ہی کے
ذکرِ دوام و صَلوٰۃً تَدُوْمُ بِدَوَامِكَ ہی میں
منہمک رہ

کسی کی کوئی بھی دلیل اس میں کبھی حائل نہ ہو۔
اور کبھی باطل نہ ہو۔ یا حیّ یاقیوم

الحمد للحيّ القيّوم
فالله خير الرّازقين
وَاللهُ ذُو الفَضْلِ العَظِيمْ

۱۰۲۳۱

THIS IS ALL A ROUTINE

OF EARNING

BUT

NOT LEARNING.

ONE WHO LEARNS,

NEVER EARNS.

IF EARNS,

EARNS

FOR THE CREATURE.

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ

الحمد للحيّ القيوم
فالله خير الرازقين

وَاللّٰهُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِيْمِ

۱۰۳۳۲

اَللّٰھُمَّ	اے اللہ
اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ	میں تیری پناہ چاہتا ہوں
مِنْ خَلِیْلٍ مَّاکِرٍ	مکّار دوست سے
عَیْنَاہُ تَرَیَانِیْ	اسکی آنکھیں تو مجھے دیکھتی ہوں
وَ قَلْبُہٗ یَرْعَانِیْ	اور دل اس کا چیرے لیتا ہو
اِنْ رَّاٰی حَسَنَةً	اگر (مجھ میں) بھلائی دیکھے
دَفَنَھَا	تو اسے دبا دے
وَاِنْ رَّاٰی سَیِّئَةً	اور اگر بُرائی دیکھے
اَذَاعَھَا ط	تو اسے فاش کر دے

(کنز العمال / کتاب العمل بالسنة ج ۲ ص ۷)

بدترین دوست وہ ہے جو دوست

کی اچھائی کو گم کردے اور بُرائی کو اُجاگر

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين

وَاللهُ ذُوالفَضلِ العَظِيم

۱۰۳۳۳

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۤ	(اے اللہ میں)
اَسْئَلُکَ	سوال کرتا ہوں تجھ سے
مِنْ فَضْلِکَ	تیرے فضل کا
وَ رَحْمَتِکَ	اور تیری رحمت کا
فَاِنَّھُمَا بِیَدِکَ	کیونکہ یہ دونوں تیرے دستِ قدرت میں ہیں
لَا یَمْلِکُھَا اَحَدٌ	کوئی بھی مالک نہیں ہے انکا
سِوَاکَ	تیرے سوا
فَاِنَّکَ تَعْلَمُ	اس لیے کہ تو جانتا ہے

وَلَآ اَعْلَمُ	اور میں نہیں جانتا
وَ تَقْدِرُ	اور تو قدرت رکھتا ہے
وَلَآ اَقْدِرُ	اور میں قدرت نہیں رکھتا
وَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ	اور تو خوب واقف ہے پوشیدہ اُمور سے۔

(مجمع الزوائد/ کتاب العمل بالسنۃ ج ۱ ص ۱۱۲)

اَللّٰھُمَّ	اے اللہ
اِنَّ جَوَارِحَنَا	ہمارے سب اعضاء
بِیَدِکَ	تیرے ہی دستِ قدرت میں ہیں
لَمْ تُمَلِّکْنَا	تو نے ہمیں مالک نہیں بنایا
مِنْھَا شَیْئًا	ان میں سے کسی بھی چیز کا۔
فَاِذَا فَعَلْتَ	پس جب کیا ہے تو نے
ذَالِکَ بِنَا	ہمارے ساتھ ایسا معاملہ

فَكُنْ اَنْتَ وَلِيَّهَاه | تو تو ہی اس کا کارساز بن

(کنز العمال / کتاب العمل بالسنۃ ج ۴ ص ۱۲۴)

خوب یاد رکھ کہ فضل و رحمت صرف اللہ ہی کے قبضۂ قدرت میں ہیں

یا حیّ یا قیوم

اَللّٰهُمَّ	اے اللہ
اِنِّیْ اَسْئَلُكَ	میں مانگتا ہوں تجھ سے
مِنْ فَضْلِكَ	تیرا فضل
وَرَحْمَتِكَ	اور تیری رحمت
فَاِنَّهٗ لَا يَمْلِكُهَا	کیونکہ کوئی مالک نہیں انکا
اِلَّا اَنْتَ	سوائے تیرے

(الحصن الحصین / کتاب العمل بالسنۃ ج ۴ ص ۱۲۷)

اَللّٰھُمَّ اِنَّ قُلُوْبَنَا	اے اللہ ، ہمارے دل
وَنَوَاصِیْنَا	اور ہماری پیشانیاں
وَجَوَارِحَنَا	اور ہمارے اعضاء
بِیَدِکَ	تیرے قبضہ میں ہیں
لَمْ تُمَلِّکْنَا	نہیں اختیارِ کامل دیا تو نے
مِنْهَا شَیْئًا	ہمیں ان میں سے کسی چیز پر
فَاِذَا فَعَلْتَ	پس جب تُو نے کیا ہے
ذٰلِکَ بِنَا	ہمارے ساتھ یہ معاملہ
فَکُنْ اَنْتَ وَلِیَّنَا	تو تُو ہی ہو جا مددگار ہمارا
وَاھْدِنَا	اور دِکھا ہمیں
اِلٰی سَوَآءِ السَّبِیْلِ ط	سیدھا رستہ

(الحزب الاعظم / کتاب العمل بالسنۃ ج ۴ ص ۱۵۰)

اَللّٰھُمَّ	اے اللہ
اِنْ تَغْفِرْ	اگر آپ بخشیں
تَغْفِرْ جَمًّا	تو آپ بہت بخشش فرماتے ہیں
وَ اَیُّ عَبْدٍ لَّکَ	اور آپ کا کون سا بندہ
لَا اَلَمَّا	گناہ گار نہیں ہے!

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے ان لوگوں کے بارے میں روایت ہے جو گناہِ کبیرہ اور بے حیائیوں سے بچتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ (بارگاہِ نبویؐ میں) ایک فاحش آدمی آیا پھر اس نے گناہ سے توبہ کی۔ حضرت ابنِ عباس کہتے ہیں کہ (اس پر) جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللّٰھم ان تغفر..... الخ

(مستدرک حاکم / کتاب الحل بالسنۃ ج ۴ ص ۲۴۸)

اَللّٰھُمَّ ارْحَمْ	اے اللہ رحم فرما
اُمَّۃَ مُحَمَّدٍ	حضرت محمدؐ صلے اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم	علیہ وسلم کی اُمّت پر
رَحْمَۃً عَامَّۃً ط	رحمتِ عامہ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہٗ سے روایت ہے کہ حضورِ اقدس صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا (اللہ تعالےٰ کے نزدیک) سب سے پسندیدہ دُعا یہ ہے کہ تُو کہے:

اللّٰھم ارحم .... الخ

۲۶۶۰۱

(کنز العمال ر کتاب العمل بالسنۃ ج ۲ ص ۵۲)

اَللّٰھُمَّ	اے اللہ
اغْفِرْلِیْ	مجھے بخش دے

وَارْحَمْنِیْ	اور مجھ پر رحم فرما
وَاھْدِنِیْ	اور مجھے ہدایت دے
وَعَافِنِیْ	اور مجھے عافیت سے رکھ
وَارْزُقْنِیْ	اور مجھے رزق عطا فرما
وَاجْبُرْنِیْ	اور میری بگڑی بنادے
وَارْفَعْنِیْ	اور مجھے بلند فرما
(وَاشْفِنِیْ [1])	(اور مجھے شفا عطا کر)

(سنن ابو داؤد ج ۱ ص ۱۲۳ / کتاب العمل بالسنۃ ج ۱ ص ۶۳۸)

۱۰۲۳۴

اللہ کا کوئی شریک نہیں۔
اللہ کے بندوں کا بھی کوئی شریک نہیں ہوتا۔ توکلت علی اللہ اللہ ہی کے لیے

[1] اضافہ

جیا اور مرا کرتے ہیں۔ یار و اغیار سے
بیگانہ اور مستغنی عَنِ الْخَلق ہوتے ہیں

یار کوئی کسی کا ہوتا ہی نہیں، یار بن کر ہی
اغیار بنا۔ یار نہ ہوئے تو اغیار بھی نہ ہوئے

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۳۳۵

بُلند ترین پہاڑ کی چوٹی پہ پکارا

یا حیّ یا قیوم

یا ذا الجلال والاکرام

کوئی سُنے نہ سُنے، مزہ ضرور آگیا۔ یا حیّ یا قیوم
الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۳۳۶

آپ سے تو

میری دلبر

دیکھا نہیں جائے گا!

البتہ

مجھے بڑی لذت آئے گی!

یاحی یاقیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۳۳۷

کبھی تُو ارواح کی طرف اور کبھی ارواح
تیری طرف متوجہ ہو کر محبت بھرا پیغام
سناتی ہیں۔ اور کشف کسے کہتے ہیں ؟

کشف سراب وفریب سے مبّرا (پاک)
ہوتا ہے۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرّازقین

واللہُ ذُوالفَضلِ العَظیم

۱۰۳۳۸

باغِ ارم کی خبر بلبل ہی نے سُنائی
اُلّو ——— ویرانوں کا سَر پنچ

یا حیّ یا قیوم
الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۳۳۹

کُن فَکاں

اِنَّمَآ اَمۡرُهٗۤ اِذَآ اَرَادَ شَيۡـًٔا
اَنۡ يَّقُوۡلَ لَهٗ كُنۡ فَيَكُوۡنُ ۝ (یٰسٓ ۸۲)

ترجمہ: جب وہ (یعنی اللہ تعالیٰ) کسی چیز کا ارادہ کرتا ہے، تو اسکی شان یہ ہے کہ وہ اس سے کہہ دیتا ہے کہ ہوجا، پس وہ ہوجاتی ہے۔

کوئی دیر نہیں، امر کا انتظار ہے۔
دیر حکمت پہ مبنی ہوتی ہے۔

ارادہ امر کے تابع ہوتا ہے۔ جب وہ کسی بھی شے کے کرنے کا ارادہ کرتا ہے، حکم

فرماتا ہے : جیسے مَیں کرنے کا ارادہ رکھتا ہوں،
ہو جا ——— اُسی طرح، اُسی وقت، ہو جاتا ہے

ابھی تک ایسے کرنے کا ارادہ نہیں فرمایا،
نہ ہی فرمایا ہے کہ ہو جا۔ اگر فرماتا " ہو جا"
تو کبھی کا ہو جاتا۔

کائنات تیرے اَمر کی تابع ہے، کسی کو بھی دَم
مارنے کی نہ جرأت ہے نہ جسارت۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرّازقین

وَاللهُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۰۳۴۰

"تم اِس میلے میں کیا دیکھنے آئے ہو؟"

" قُدرت کی حکمت کا مظاہرہ "

" اور تم ؟ "

" اسی طرح ہم "

یا حیی یا قیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين

وَاللهُ ذُو الفَضلِ العَظِيمِ

۱۰۳۴۱

زندگی ایک دَم ہے، دمادم بھرتے بھرے جا۔
جب بھر جائیگا، مسرور ہو کر مدہوش ہو جائیگا۔
دم کو مصروف رکھنا ہی زندگی ہے۔

کھاتے تو وہ بھی ہیں،

ایسے مت کھا اور

ایسے مت سو۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۰۳۴۲

الادعیۃ لِمَغفرۃِ اُمّۃ سیّدنا محمّد صلے اللہ علیہ وسلّم

جو گناہ گار ہیں، زیرِ عذاب ہیں، ان کی مغفرت کے لیے چارہ جوئی کرنا ـــ بے شک آدمیت کا احترام اور اللہ حلیم الکریم و علی العظیم کو بے حد پسند۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۰۳۴۳

کسی کی بھی ہو، جس بات میں جان نہیں ہوتی

مُردہ ہے اور باعثِ تضحیک ،

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۳۴۴

حضرات ! ہم سب کہتے ہیں کہ ”ایسے کرو“،
کرنے کی تلقین کرتے ہیں ۔ بار بار
تکرار کرتے ہیں ، خود نہیں کرتے۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۳۴۵

عمل و اجل لکھے جا چکے ہیں۔
ان کے مطابق جاری ہے۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

واللہُ ذُوالفضل العظیم

۱۰۳۴۶

فقیر ہر حال میں فقیر ہوتا ہے

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضل العَظیم

۱۰۳۴۷

دوسروں کی لکھی ہوئی کتاب میں افراط و تفریط

ہوتی ہے۔ بعض اہم باب حذف کر دیے
جاتے ہیں، بعض مبالغے کا شکار۔
اصل کتاب مصنف کی اپنی کتاب ہوتی ہے

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين

وَاللهُ ذُو الفَضلِ العَظِيمِ

۱۰۳۴۸

ستّر سال گزرے، ایک اصلی ہندو سنیاسی
سے مُلاقات ہوئی۔ پوچھا ایک صاحب کی
اونٹ سے گر کر پسلیاں ٹوٹ گئیں، اس کا
علاج؟ اِس نے کہا فکر مت کرو، یہ معمولی
بات ہے۔ پیپل کی گوند جسے پیپل لاکھ کہتے
ہیں، بازاری نہیں، کسی درخت سے حاصل کرو

پھر دو سیر دودھ کو جوش دِلا کر ملائی کی طرح
بناؤ اور روزانہ ایک بار چٹکی بھر پیپل لاکھ کے
ہمراہ استعمال کرو۔ چند روز بعد رو بصحت ،
(ماشاء اللہ) کسی مطلب کے بغیر تو ہم ہندو لوگ
پوجا بھی نہیں کرتے ، کوئی نہ کوئی مفاد پیشِ نظر ضرور
ہوتا ہے۔ پیپل کی پوجا بھی اسی لیے کرتے ہیں کہ
اس سے بے شمار فوائد حاصل ہوتے ہیں۔

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين

وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ

۱۰۳۴۹

اَللّٰهُمَّ	اے اللہ
اَشْرِبِ الْاِيْمَانَ	پلادے ایمان
قَلْبِيْ	میرے دل کو اس طرح

کَمَا اَشْرَبْتَهٗ	جیسے تو نے پلائی ہے اسے
رُوْحِیْ	(یعنی میرے جسم کو) روح
وَلَا تُعَذِّبْ شَیْئًا	اور نہ عذاب کر تو کسی قسم کا
مِنْ خَلْقِیْ	میرے بدن میں
لِشَیْءٍ کَتَبْتَ عَلَیَّ	جو تُو نے میرے لیے
	لکھ دیا ہے
فَاِنَّکَ قَادِرٌ	اس لیے کہ تو قادر ہے
عَلَیَّ ۝	مجھ پر (یعنی اس تکلیف کے
	ہٹا دینے پر)

(کنز العمال / کتاب العمل بالسنۃ ج ۴ ص ۱۰۲)

بادشاہو!

ہم رذیل و ذلیل و کمین بندے ہیں

تُو نے جو لکھنا تھا، لِکھ چُکا !
اپنے فضل و رحمت سے تقدیر بدل ،
بے شک تو ایسا کرنے پہ قادر المقتدر ہے۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فالله خیر الرازقین

وَاللهُ ذُوالفَضلِ العَظِیمْ

۱۰۲۵۰

جذب جاذب مجذوب
محبّت کی تصویر اور محبت ہی کی تنویر ہوتے ہیں۔
یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فالله خیر الرازقین

وَاللهُ ذُوالفَضلِ العَظِیمْ

۱۰۳۵۱

جذب ــ صرف جذب ــ حسد سے پاک ہوتا ہے۔
ماسوا سے کلیتاً بے خبر و بیگانہ۔ شاہ و گدا یکساں۔
ایک اللہ کو پاکر گویا ہر شے پائی۔ فضل پایا،
رحمت پائی اور برکات۔ ماسوا کیطرف متوجہ
ہونا محویت کا ابطال اور پریشان حال۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين

وَاللّٰهُ ذُو الفَضْلِ العَظِيمْ

۱۰۳۵۲

يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ
لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ
وَلَآ اِلٰهَ غَيْرُكَ
کی عملی تشریح:

کسی اور طرف کبھی متوجّہ ہونے نہیں دیتا

یہی اس کی عظمت

یہی اس کی شان

اِس مقام پہ

کسی کی بھی کوئی شان نہیں ہوتی

وَلَآ اِلٰـہَ غَیْرُکَ

ماننے والا اور جاننے والا،

ہوگا، ضرور ہوگا،

دیکھنے میں نہیں آیا جو وَلَآ اِلٰـہَ غَیْرُکَ

کا عارف ہو۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْم

۱۰۳۵۳

اِس مقام پہ صرف روح رہتی ہے، نفس نہیں۔
اگرچہ ہزار ہا پردوں میں مستور ہو
اُسے کسی بھی انداز میں اندر نہیں آنے دیتی۔

روح جب قَوِیّ العَزِیز کے ورود میں نازل
ہو کر نفس کیطرف گھورتی ہے، ہلچل مچادیتی ہے
خاک آلودہ ہو کر بسمل کیطرح لوٹنے لگتا ہے۔

" یہی میری منزل تھی جو مراد کو پہنچی، ما شاء اللہ!
کوئی بات کر کے تو دکھا، چمڑی نہ اتار دوں تو
کہنا!" یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحيّ القيّوم
فالله خير الرازقين
وَاللهُ ذُو الفَضلِ العَظِيم

۱۰۳۵۴

یہ ہست ہے ، یہ نیست
یہ بُود ـــــــ یہ نابُود

نیست و نابُود میں
نہ مکان ہوتا ہے
نہ نشان ،
اللہ ہی کارفرما ہوتا ہے
کبھی نار کا منظر
کبھی نُور کا
جو کچھ بھی ہوتا ہے ،
تیری ہی طرف سے ہوتا ہے

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحی القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۰۳۵۵

اس تن میں تیرا راج
اس من میں تیرا راج
اوّل تو
آخر تو
ظاہر تو
باطن تو
تو ھی تو
تو حلیم ہے
تو کریم ہے
تو علی ہے
تو عظیم ہے۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۳۵۶

باہر کوئی آواز نہیں،
رولا ہی رولا ہے۔
اندر ـــــ صوتِ سرمدی

قلب ـــــ لطیف پردوں میں مستور
عجائبات کا مَظہر
ہلچل مچائے رکھتا ہے۔ جب تک
سیر ہو کر مطمئن نہیں ہوتا، اسی طرح
کرتا رہتا ہے۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۰۲۵۷

مجاہد جہاد کیطرف متوجہ ہوتا ہے،

عشرت کیطرف نہیں۔ جہاد میں عشرت
کا نام تک نہیں ہوتا، ہمہ وقت جہاد ہی کے
متعلق غور و فکر جاری رہتا ہے ۔ کسطرح
دشمن کے وار کا بچاؤ کرے۔

اور میرا دشمن میرا اپنا ہی نفس ہے۔
اور یہ ذکرِ دوام عین جہادِ اکبر!

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْم

مَا شَآءَ اللّٰهُ — جو اللہ چاہتا ہے
کَانَ — ہو جاتا ہے

وَمَا لَمْ یَشَاءُ اور جو وہ نہیں چاہتا
لَمْ یَکُنْ نہیں ہوتا۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضْلِ العَظِیْم

۱۰۳۵۸

میدان سے بھاگنا حرام ہے،
نہ ہرنا حرام ہے نہ مرنا۔

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضْلِ العَظِیْم

۱۰۳۵۹

"میں انہی چار بلاؤں میں مبتلا ہوں۔
یہی میری کم نصیبی، یہی بدنصیبی"

"چاروں چیزیں چھوڑ دے ،
اگر گھٹائیں باندھ کر ابرِ رحمت نہ برسا
پھر جو چاہے کہنا۔"

یہی کرۂ ارض پہ بسنے والی انسانیت کی
صحیح تشخیص ہے۔ یاحیّ یاقیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين
وَاللهُ ذُوالفَضلِ العَظِيمِ

۱۰۳۶۰

تیری گراوٹ کی تشخیص، ان ہی چار باتوں پر
منحصر قرار پائی — اور تاریخ نے اسکو مان لیا۔

یاحیّ یاقیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين
وَاللهُ ذُوالفَضلِ العَظِيمِ

۱۰۳۶۱

جس نے بھی کسی اسلامی خصلت کی نقل اُتاری،
کامیاب ہو کر تصدیق کی ــــــ ہر اسلامی خصلت
قابلِ داد و تقلید۔

نہیں مانا تو میں نے نہیں۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۰۳۶۱

تیرے عمل کی یلغار روکنا
کسی کے بھی بس کی بات نہ ہوتی۔
ہو کر رہتی۔ پتے تک جھومنے لگتے۔ گھاس
انگڑائیاں لیتی، وجد میں آتی۔

جس یلغار میں عمل نہیں ہوتا، یلغار نہیں کہلاتی۔
جب تک تیرا اجتماعی عمل میدان میں نہیں اُترتا،
پہلے کی سی بات کبھی نہیں بنتی۔

متحد ہو — عمل کی یلغار تیرا استقبال کرے گی۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۳۶۲

کیا پیغام چھوڑ کر مرا!!
یہ بھی کیا مرنا تھا کوئی بھی ملّی یاد چھوڑ کر نہ مرا!
اگر اُن ہی کی یاد میں مرتا، خوب مرتا!

یا حیّ یا قیوم
الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۳۶۳

جس دن سے یہ دُنیا پیدا ہوئی، آدمی ہی نے
آدم زاد کو پہچانا اور آدمی ہی نے آدمی کی رہنمائی کی۔
جب تک آدمی نہ ملا، آدمی بھٹکتا ہی رہا۔

*

فنکار ہی نے فنکار کو فن سکھایا۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرّازقین

واللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۰۳۶۴

عجب معاملہ ہے!
قصور اپنا ہے، مارتا ہے کھوتے کو۔

یا حیّ یا قیوم
الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرّازقین

وَاللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

فَوَفِّقْنِیْ پس توفیق دے مجھے

لِلْخَیْرِ بھلائی کی

حَیْثُ کَانَ جہاں کہیں بھی وہ ہو

(انتخاب حدیث عن عبداللہ بن مسعودؓ۔ کتاب العمل بالسنۃ ج ا ۱۱۱۲/۳)

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِیْم

۱۰۳۶۵

فَالَّذِیْنَ هَاجَرُوْا تو وہ جنہوں نے ہجرت کی

وَاُخْرِجُوْا مِنْ اور اپنے گھروں سے نکالے

دِیَارِهِمْ گئے،

وَاُوْذُوْا فِیْ سَبِیْلِیْ اور میری راہ میں ستائے گئے

(سورۃ آلعمران آیت نمبر ۱۹۵)

"پنجاب کھتان ہاؤس"
میں ایسی ایسی برکات
کا نزول ہوا، جو
کسی اور طرح ممکن
نہ ہوتا!

یا حی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیمِ

۱۰۳۶۶

کیا تجھے یہ پتہ ہی نہ تھا کہ دنیا مطلب
ہی کا گھر ہے؟

دنیا میں کوئی کسی کا کچھ نہیں لگتا، مطلب
ہی مطلب کا دوست ہے۔

ـــ۔۔۔ *** ـــ

اب تجھ سے کسی کا کوئی مطلب نہیں
مرکر ہی یہ راز تم پہ افشا ہوا
تیرے اگائے ہوئے باغ لکڑ منڈی
میں بکے۔ تیرا مال جگہ جگہ لُٹا۔

ـــ۔۔۔ *** ـــ

اسے دیکھ کر ہم نے قسم کھائی
اللہ کی قسم! کسی بھی انداز میں
کبھی مال جمع نہیں کرنا،
آتے ہی تقسیم کردینا ہے

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیّوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۳۶۷

بندہ سانس کی پروا نہیں کرتا
سانس ہی تو متاعِ عزیز ہے
سانس کی قدر اُس وقت ہوگی
جب بند ہو جائے گا۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۰۳۶۸

ہر شے تیری ہے
تیرے سامنے ہے

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۰۳۶۹

تَشَخیصْ مَنْزِل

منزل قائد کی اقتدا میں طے ہوتی ہے
ماسوا کو قریب تک پھٹکنے نہیں دیتی
اور میرے آقا روحی فداہ صلے اللہ علیہ وسلم
اس منزل کے قائد العرفانْ ہیں، ماشاء اللہ!
جو حکم ملتا ہے، کرتے ہیں۔
نہیں ملتا، نہیں کرتے۔
اپنی کوئی مرضی نہیں رکھتے۔

یا حیی یا قیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين

وَاللّٰهُ ذُوالفَضلِ العَظِيمْ

۱۰۳۷۰

یہ تو ہر کوئی جانتا ہے۔

ہم بھی جانتے ہیں۔

وہ بتا جو ہم نہیں جانتے۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحيّ القيّوم
فالله خير الرّازقين

وَاللهُ ذُو الفَضلِ العَظِيمِ

١٠٣٧١

فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيدُ

کرنے والا کر رہا ہے

خوب کر رہا ہے

اس میں مُخل مت ہو

تو اسکی حکمت کو پا نہیں سکتا۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحيّ القيّوم
فالله خير الرّازقين

وَاللهُ ذُو الفَضلِ العَظِيمِ

اَللّٰهُ اَللّٰهُ رَبِّیْ — اللہ، اللہ ہی میرا رب ہے

لَآ اُشْرِكُ بِهٖ — میں اس کے ساتھ نہیں

شَيْئًا — شریک ٹھہراتا کسی کو

یا حیّ یا قیوم

اِنَّ الَّذِيْنَ — بے شک وہ لوگ

قَالُوْا — جنہوں نے (دل سے اقرار)

رَبُّنَا اللّٰهُ — کرلیا کہ ہمارا رب اللہ ہے

ثُمَّ اسْتَقَامُوْا — پھر (اس پر) ثابت قدم رہے

تَتَنَزَّلُ عَلَيْهِمُ — اتریں گے اُن پر

الْمَلٰٓئِكَةُ — فرشتے (اس بشارت کے ساتھ)

اَلَّا تَخَافُوْا — کہ تم اندیشہ نہ کرو

وَلَا تَحْزَنُوْا — اور نہ ہی رنج کرو
وَاَبْشِرُوْا بِالْجَنَّةِ — بلکہ خوش خبری سنو اس جنت کی
الَّتِیْ کُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَهٗ — جس کا تم سے وعدہ کیا گیا ہے

(حٰمٓ السجدۃ : ۳۰)

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰهُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْمِ

۱۰۳۷۲

ذوقِ دوام — سُبْحَانَ الْحَیِّ الَّذِیْ
لَا یَمُوْتُ ط

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰهُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْمِ

۱۰۳۷۳

کموّں کا جوں رہ کھلوتا

طالبؒ میاں فضلے دا

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم

فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۳۷۴

اوہنوں رلیا گلّی دے وچ آگے

گلّی والے ککھ اُڈ گئے

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم

فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۳۷۵

جلال نہ ہوتا ـــــ جمال من مانی کرتا

جمعیت بکھیر دیتا !

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحيّ القيوم
فالله خير الرازقين

وَاللّٰهُ ذُو الفَضلِ العَظِيم

۱۰۳۷۶

نار کے تو مستحق ہیں

کوئی شک نہیں

تیرے فضل و رحمت کے بھی اُمیدوار ہیں

اس میں بھی کوئی شک نہیں۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحيّ القيوم
فالله خير الرازقين

وَاللّٰهُ ذُو الفَضلِ العَظِيم

۱۰۳۷۷

روح من میں ، نفس تن میں مصروف رہتا ہے
اہلِ فقر کی روح غالب رہتی ہے ، نفس مغلوب۔
نفس کو کتورے کی طرح گردن میں رسّی ڈالے
گھسیٹے پھرتی ہے ۔ یا محبّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۳۷۸

ہر فرمان (الٰہیؐ)
ہر ارشاد (نبویؐ)
جمال کا مظہر
دونوں ایک
قرب و بُعد سے بے نیاز

شیخیت ہردو کی ترجمان

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۰۳۷۹

سانس سے سانس ملا کر
مخمُور ہو کر
مدہوش ہوئے
کسی کی بھی کوئی یاد
باقی نہ رہی

اِصطلاح میں اسے وہ نشہ کہتے ہیں
جو ایک بار چڑھ کر کبھی نہیں اُترتا۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۰۳۸۰

یا حیّ یا قیوم

لآ الٰہ الا انت

ولآ الٰہ غیرک

تو میرا ہے

ہوں تیرا

کسی اور صاحب کی بابت میں کچھ نہیں جانتا

تیرے ہیں ـــــ تیرے ہی حوالے

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِیْم

۱۰۳۸۱

میں کسی اَمر کا پابند ہوں

مجھے اپنا پابند مت کیا کرو

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیمِ

۱۰۳۸۲

تو اپنا وہ مُرید بنا جس نے
تیری غیبت نہ کی ہو
تیری چُغلی نہ کھائی ہو
تجھ پہ بُہتان نہ باندھا ہو
اور حسد نہ کیا ہو
پھر کس فیض کی سفارش کرتے ہو؟
حق تو یہ ہے کہ
پھر کبھی کسی کی بابت کچھ نہ کہنا،

البتہ یہ دُعا کیا کر

اللہ تجھ سے اور ہر کسی سے درگزر فرمائے

وَاللّٰہُ ذُوا لفَضْلِ العَظِیْمْ

وَ اللّٰہُ خَیْرُ الرَّازِقِیْنْ

یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ ط

اَنَا عَبْدٌ مُذْنِبٌ ذَلِیْلٌ وَاَنْتَ رَبِّیْ ذُوالجَلَالِ وَالاِکْرَام

فَاعْفُ عَنِّیْ وَاعْفُ عَنَّا فَاِنَّكَ عَفُوٌّ کَرِیْمٌ

یَاعَظِیْمَ العَفْوِ یَا خَیْرَ النَّصِیْرِ !

توبہ کر ———— پکی توبہ

جیسی کہ نُصوح نے کی تھی !

پھر جو چاہے مانگ ——— دیا جائیگا

یاحیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیّوم فاللہ خیرالرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضْلِ العَظِیْمْ

۱۰۳۸۳

تیری یاد نے، اللہ اللہ، کیا کیا رنگ دکھلائے!
نیزے کی نوک پہ بسمل کیطرح لوٹایا
کانٹوں پہ گھسیٹا
پھر بھی باز نہ آئی۔
جب حد سے گزرنے لگی ـــ دیکھا نہ گیا
تھام لیا
یا حلیم یا کریم یا علی العظیم
یا حیی یا قیوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۰۳۸۴

اور اس طرح روز ہوتا ہے

دیکھنے میں کوئی تکلیف نہیں
کوئی بیماری نہیں
چہرہ ہشاش بشاش

اللہ کا حال، اللہ اللہ، اللہ ہی جانے
اور اللہ ہی کے حوالے

ایسا معلوم ہوتا ہے یا محسوس ہوتا ہے کہ
مُوتُوا قَبْلَ اَنْ تَمُوْتُوا کی منزل میں
داخل ہوتے پر حساب کتاب
ہو رہا ہے۔ یاحیّ یاقیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين

وَاللهُ ذُو الفَضلِ العَظِيمِ

۱۰۲۸۵

تیری یاد ہی نے

تیری یاد کا شرف بخشا یاحیی یاقیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين

وَاللهُ ذُو الفَضلِ العَظِيم

۱۰۲۸۶

میں تیرے گھر کے اندر ہوں اور تُو میری

طرف دیکھتا تک نہیں ــ باہر رہتا ہے

اور خرافات و واہیات میں مصروف!

بے ادبی کی حد نہیں تو کیا ہے ؟

یاحیی یاقیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين

وَاللهُ ذُو الفَضلِ العَظِيم

۱۰۳۸۷

یہ جنگل کے اسباق ہیں۔ جنگل ہی میں پڑھے
جاتے ہیں اور جنگل ہی میں سمجھتے۔

*

میں نے اہم بار اللہ کی راہ میں ـــ صرف اللہ
کی راہ میں۔ ہجرت کی۔ ۱۳۶۷ھ سے لگا تار جاری
ہے۔ ساری عمر مہاجِر اِلی اللہ بن کر گزاری

اور

اللہ ہی بہتر جانتے ہیں کیسے کیسے حال میں گزری؟
بہترین سبق ملا
جنگل کے اسباق جنگل ہی میں ہوتے ہیں۔

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۰۳۸۸

دو چیزیں کبھی بند نہیں ہوتیں

۱۔ اہلِ ذکر کا ذِکر
اور
۲۔ دُنیا کی زبانیں

ذِکر ——— زادِ راہ

باتیں ——— خسرانُ المبین

یا حیّ یا قیوم
الحمد للحیّ القیّوم فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُو الفَضْلِ العَظِیم

۱۰۳۸۹

دھمال

یا حیّ یا قیّوم

یا ذالجلال والاکرام

ذکرِ جمیل فی جسم الوجود البرکت سب ورد و جاری و ساری

★

(یہ بھی ایک دیکھنے کی چیز ہے)

یا حی یا قیوم

الحمد للحیّ القیّوم فالله خیر الرازقین

وَاللهُ ذُوالفَضْلِ العَظِیْم

۱۰۳۹۰

یہ جگہ یعنی نہری کھتان

کیمپ دارالاحسانؒ

کینال بنک ۔ رکھ برانچ ۔ ڈجکوٹ ڈسٹری بیوٹری

برجی نمبر ۴۴۵۵۰ تا ۴۵۳۰۰ چک ر ب ۲۴۲ سمندری روڈ، فیصل آباد

گورنمنٹ آف پنجاب اریگیشن ڈیپارٹمنٹ کی ملکیت ہے اور

بحوالہ VI-۷۹/۱۱-۲ (NO.SO(O.P مجریہ ۸ جنوری ۱۹۸۷ء

۹۹ سالہ لیز (LEASE) پر ذکرِ الٰہی کے لیے وقف و مخصوص ہے

درختوں تلے یہی جگہ میری زندگی اور آخرت کا بسیرا ہے

اور یہ مقام گلّر کے دونوں درختوں کے مابین ہے

وَمَا عَلَيْنَا إِلَّا الْبَلَاغ

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحيّ القيّوم فالله خير الرازقين

وَاللهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْم

۱۰۳۹۱

MY THOUGHTS ON HUMAN SCIENCE

IF YOU CONSIDER TRUE,

THANK YOU.

IF NOT, FORGIVE ME.

I AM AN INSIGNIFICANT SOUL.

یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ

الحمد للحیّ القیّوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضْلِ العَظِیْم

۱۰۳۹۲

عبد کا معبود سے ہمکلام ہونا فیضِ موسوئی کی حقیقت۔
اور یہ ہمکلامی ہر وقت ہر جگہ ہر زبان و انداز میں جاری
رہتی ہے، دم بھر کے لیے بھی دُوری گوارا نہیں ہوتی۔

اندر

باہر

دائیں

بائیں

آگے

پیچھے

قائم رہتی ہے (ماشاءاللہ!) اور یہی ذکرِ دوام کے
نُور کی برکات ہوتی ہیں۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين

وَاللهُ ذُو الفَضلِ العَظِيمِ

۱۰۳۹۳

دُنیائے اسلام کے جُملہ مقدس مقامات پر
منتخب نمائندے
خدمات سرانجام دیا کرتے ہیں۔
جب ان میں سے کوئی ایک مرجاتا ہے
یا تبدیل کر دیا جاتا ہے
یا معزول کیا جاتا ہے
یا ترقی دے کر اسے اعلےٰ منصب پہ فائز
کر دیا جاتا ہے تو اسکی جگہ عام بندوں میں سے
ایک کو منتخب کر کے اِس کمی کو پورا کر دیا جاتا
ہے اور یہ انتخاب حشر تک جاری رہے گا۔

یہ نمائندگان کسی نام و نشان کی پروا

نہیں کرتے ، نہ ہی کوئی پابندی
ان پہ لاگو ہوتی ہے۔

جمیل پردوں میں مستور۔

جو خدمات سونپی جاتی ہیں ،
نہایت احسن طریقے سے سرانجام
دیا کرتے ہیں۔

صرف سمجھنے کے لیے :
ہزار ہا مقدس مقامات میں سے ایک مقام :
مکّہ مکرّمہ میں آبِ زمزم

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحيّ القيّوم
فالله خير الرّازقين

وَاللهُ ذُوالفَضلِ العظِيم

۱۰۳۹۴

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ مَاشَآءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ
اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا وَحَبِيْبِنَا مُحَمَّدٍ ﷺ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَعِتْرَتِهٖ بِعَدَدِ كُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّكَ وَبِعَدَدِ خَلْقِكَ وَرِضٰى نَفْسِكَ وَزِنَةَ عَرْشِكَ وَمِدَادَ كَلِمَاتِكَ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِىْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ
يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ

تحریر یافت

۱۲ر رجب المرجب ۱۴۱۰ھ ہجری المقدس

میری قبر کے ارد گرد
کوئی بھی مکان کبھی نہیں بنانا
نہ ہی کوئی خیمہ لگانا ہے
گرمی، سردی، بارش اور آندھی
کا کوئی بندوبست نہیں کرنا۔

یا حیّ یا قیوم
یا ذاالجلال والاکرام
آمین

درختوں تلے ہی

بسیرا

کرنا ہے یا حیّ یا قیوّم

یا حیّ یا قیوم

یا ذا الجلال والاکرام
یا حیّ یا قیوم

آمین!

کسی کا بھی کوئی نذرانہ کبھی قبول نہیں کرنا

یا حیی یا قیوم

یا ذاالجلال والاکرام

آمین

جو بھی کوئی نذرانہ لائے، اپنے ہی گھر جا کر بیوگان و مفلوک الحال میں اپنے ہی ہاتھ سے میری طرف سے تقسیم کر دے

یا حیی یا قیوم

یا ذاالجلال والاکرام

آمین

میوہ اور مٹھائی
میری طرف سے
تبرّک سمجھ کر
اپنے ہی بچوں اور
اقربا میں
تقسیم کرے

یا حیی یا قیوم
یا ذا الجلال والاکرام
آمین

جس نے بھی اِس خانقاہی نظام کی
خلاف ورزی کی
گویا
اس نے میری مخالفت کی
اور
میری ہتک کا موجب بنا!

یا حیّ یا قیوم
یا ذاالجلال والاکرام
یا حیّ یا قیوم
آمین

میری قبر

تجارت گاہ نہیں،

اِنس و جانّ کی عبادت کا

مَرکز ہو!

یا حیّ یا قیوم

یا ذاالجلال والاکرام

یا حیّ یا قیوم

آمین

میری قبر

میرے آقا روحی فداہ صلے اللہ علیہ وسلم کی

اُمّت کی مغفرت

کے لیے اذکارِ جمیلہ کا مرکز بنا رہے

اور

قیامت تک کے لیے رہے

یا حیّ یا قیوم

یا ذا الجلال والاکرام

یا حیّ یا قیوم

آمین

میری قبر کے ارد گرد

سرکاری زمین میں

کوئی دکان نہیں بنانی!

یا حیی یا قیوم

یا حیی یا قیوم

یا ذا الجلال والاکرام

یا حیی یا قیوم

آمین

مسافروں کا مرنا مسافروں ہی کی طرح ہوتا ہے

نہ تیجا

نہ دسواں

نہ چالیسواں

اور

اللہ تبارک و تعالےٰ عزّ و جلّ ہی کے حوالے ہوتا ہے

یا حیّ یا قیوم

یا ذاالجلال والاکرام

یا حیّ یا قیوم

آمین

اَزل کا
مُسافر ہوں
اَبد تک
رَہوں گا
ماشاء اللہ!

یا حیّ یا قیوم
یا ذا الجلال والاکرام
آمین

میری قبر پر قُبّہ نہیں بنانا

اور گُنبد نہیں بنانا

دو ڈھائیؔ فٹ اونچی جگہ

صرف اس لیے کہ بارش کے

پانی سے ڈوب نہ جائے

یا حیی یا قیوم

یا ذا الجلال والاکرام

آمین

اَورُ

نہ ھی چادر

چڑھانی

ھے!

یا حیّ یا قیوم

یا ذاالجلال والاکرام

یا حیّ یا قیوم
آمین

PROCARDIA XL For 24-Hour Control of Hypertension or Angina

دھمال

یا حیّ یا قیوم

یا ذا الجلال والاکرام

ذکرِ جمیل فی جسم الوجود البرکت شب و روز جاری و ساری

(یہ بھی ایک دیکھنے کی چیز ہے)

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۳۹۵

یہ زندگی

ہست و بود کا مقام تھا

فنا پذیر! فانی

یہ نیست و نابود کا مقام ہے

كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ إِلَّا وَجْهَهُ

نیست و نابود ہی سے گزر کر

دائمی ہست و بود کا ظہور لازم و ملزوم۔

اصطلاح میں اسے فنا و بقا کہتے ہیں

فنا و بقا کی مشق تا دمِ آخر جاری رہتی ہے

یہ فنا ہے ـــــ یہ بقا

یا حیی یا قیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين

وَاللّٰهُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِيْم

۱۰۳۹۶

فنا کے قریب تر جا
بقا کو سینے سے لگا۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللّٰہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیمِ

۱۰۳۹۷

بُود

جب ہست و نیست کا عارف بنا
مدہوش ہُوا۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللّٰہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیمِ

۱۰۳۹۸

ہست و بود سے دُنیا اٹی پڑی ہے،

نیست و نابود ــــــــ خال خال

یا حی یا قیوم

الحمد للحی القیوم فالله خیر الرازقین

وَاللهُ ذُو الفَضْلِ العَظِيم

۱۰۳۹۹

ہست و بود :

زوال پذیر

چند روزہ

نیست و نابود :

لازوال

فنا کی بقاء

یا حی یا قیوم

الحمد للحی القیوم فالله خیر الرازقین

وَاللهُ ذُو الفَضْلِ العَظِيم

۱۰۴۰۰

ایک معزز خاتون باقاعدگی سے درود شریف پڑھنے میں مشغول رہتیں۔ ایک روز رکشا پر سوار ہو کر بیٹھنے لگیں تو سامنے فضا میں سے گلاب کے پھول کا ایک غنچہ انکے دامن میں گرا جو آن کی آن میں کھل کر پھول بنا، ماشاءاللہ!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين
وَاللهُ ذُو الفَضلِ العَظِيم

۱۰۴۰۱

کھوٹے سکّے کی کسی بازار میں کیا قیمت؟

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين
وَاللهُ ذُو الفَضلِ العَظِيم

۱۰۴۰۲

آتے ہی نہیں ، مختلف مقامات میں سے گزر کر ہی

کوئی کچھ کھلایا۔ ——— یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِیْمِ

۱۰۴۰۳

وَ مِمَّا رَزَقْنٰھُمْ یُنْفِقُوْنَ ۙ (البقرہ ۳:)

اور جو کچھ دیا ہے ہم نے اُن کو، اس میں سے خرچ کرتے ہیں ۔

فقیر بولا :

میں کل کے لیے کسی بھی شے کا ذخیرہ نہیں رکھتا

آتے ہی تقسیم کر دیتا ہوں ۔

یہی میرے لیے امس اور اسی میں میری

آبرو کی تمکنت

———◄*►———

اللہ ہی نے دیا، اللہ ہی کی مخلوق میں تقسیم کیا

جس نے آج دیا ہے ، کل بھی دے گا

اللہ ہی نے دیا ، اللہ ہی کو دے دیا۔

ایک بار دیا ، دس بار ملے گا

کیا یہ بہترین تجارت نہیں ؟

———◄*►———

ہماری روزی پرندوں کیطرح ہوتی ہے۔ کھاکر

گھونسلوں میں چلے گئے، بچی ہوئی چوگ چھوڑ گئے۔

یاحی یاقیوم

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیمْ

دینِ اسلام کی دعوت و تبلیغ اور رشد و ہدایت کے

بین الاقوامی مرکز **دارالاحسان** (فیصل آباد)

کے دارالحکمت المعروف دارالشفاء میں ہر سال دو مرتبہ

فری آئی کیمپ منعقد کیا جاتا ہے (ایک مرتبہ مارچ/

اپریل میں دوسری بار ستمبر/اکتوبر میں)۔ ملک بھر سے

آنکھوں کے مریض تشخیص و مشورہ اور علاج معالجہ کے

لیے دارالحکمت کے اس آئی کیمپ میں آتے ہیں کیمپ

میں متعین امراضِ چشم کے نامور ماہرین بغور معائنہ اور

تشخیص کے بعد اُن مریضوں کو دارالحکمت میں داخل

کر لیتے ہیں جنکی آنکھوں کے آپریشن کیے جا سکتے ہوں۔

دیگر مریضوں کو مناسب مشورہ اور ادویات دے کر

فارغ کر دیا جاتا ہے۔ کسی بھی مریض سے مشورہ، ادویات

اور آپریشن کی کوئی فیس نہیں لی جاتی۔ بلکہ دارالحکمت میں داخل تمام مریضوں اور انکے تیمار داروں کو مفت قیام وطعام کی سہولت بہم پہنچائی جاتی ہے جو اس دارالحکمت کا یکتا اور منفرد اعزاز ہے۔

دارالاحسان کی جانب سے فری آئی کیمپ لگانے کا جو سلسلہ ۱۹۷۶ میں شروع ہوا تھا، بفضلہ تعالےٰ کامیابی سے جاری ہے۔ ابتک اٹھائیس کیمپ لگائے جا چکے ہیں۔ یہ دارالحکمت نہ صرف قرب وجوار کے نادار، ضعیف، لاچار اور دیہاتی مریضوں کیلئے ایک نعمتِ غیر مترقبہ ہے بلکہ اس چشمۂ فیض سے ملک کے طول وعرض میں بسنے والے لاکھوں افراد استفادہ کر چکے ہیں اور اس تعداد میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہے اس لحاظ سے یہ کیمپ اپنی نوعیت کا سب سے

بڑا اور منفرد آئی کیمپ ہے۔

دارالحکمت میں اٹھائیسواں فری آئی کیمپ یکم مارچ ۱۹۹۰ء سے ۳۱ مارچ ۱۹۹۰ء تک جاری رہا البتہ آخری ہفتہ میں آپریشن نہیں کیے گئے تاکہ مریضوں کی بعد از آپریشن نگہداشت کے لیے مناسب وقت مل سکے۔ موجودہ سیزن میں موسم کی غیر یقینی صورتِ حال، بارش، جلسے جلوسوں کی وجہ سے آمد و رفت کی مشکلات اور رمضان المبارک کے قرب کے باعث زیادہ مریضوں کی آمد متوقع نہ تھی لیکن ان سب اُمور کے باوجود کیمپ میں آنے والے مریضوں کی تعداد خاصی حوصلہ افزا رہی۔ جگہ کی قلت کے پیشِ نظر مریضوں کے لیے دارالحکمت کی عمارت، ملحقہ باغ، سبزہ زار، جامع مسجد اور قرآن محل کے برآمدوں کے استعمال کے علاوہ شامیانوں کا بندوبست بھی کیا

گیا ۔ کیمپ میں محکمۂ صحت پنجاب کی جانب سے
چار نامور ماہرینِ امراضِ چشم اور معاون طبی عملہ کے بیس
ارکان کی خدمات فراہم کی گئی تھیں ۔ دارالاحسان کے
عقیدت مندوں کی ایک ٹیم نے پورے خلوص اور جوش و
جذبے کے ساتھ شب و روز رضاکارانہ خدمات سرانجام
دیں ۔ بالخصوص دارالاحسان سے وابستہ زرعی یونیورسٹی
فیصل آباد کے طلبہ نے اکثر و بیشتر اور دارالاحسان کی
تبلیغی جماعت از ٹوبہ ٹیک سنگھ کے اراکین نے پورا
ماہ کیمپ میں نہایت جانفشانی سے کام کیا ۔ کیمپ میں
بنوں ، قصور ، سندھ ، کوئٹہ ، ڈیرہ غازی خان اور
بہاولپور جیسے دُور افتادہ مقامات سے خاصی تعداد میں
مریضوں کی آمد اِس دارالحکمت کی روزافزوں مقبولیت
اور وسعتِ فیضان کی مظہر ہے ۔ اِس کیمپ میں خدمات

سرانجام دینے والے ڈاکٹر صاحبان اور معاونِ طبیّ عملہ کی شاندار
خدمات کو سراہتے ہوئے حکومتِ پنجاب کے محکمہ صحت
نے انہیں بطور حوصلہ افزائی نصف تنخواہ کے برابر اعزازیہ
دینے کا حکم صادر فرمایا ہے۔ فجزاٰءھم اللہ احسن الجزاء
نامساعد حالات کے باوجود کارکردگی کے اعلیٰ
معیار، کامیابی کے بہترین تناسب اور دُکھی انسانیت
کی بے لوث خدمت کی اس عظیم سعادت پر دارالحکمت
کے جملہ اراکین، معاونین اور منتظمین نہایت عجز و نیاز
سے اپنے ربّ ذوالجلال والاکرام کے حضور سجدۂ
شکر ادا کرتے ہیں۔

ذٰلِکَ فَضۡلُ اللّٰہِ یُؤۡتِیۡہِ مَنۡ یَّشَآءُ ؕ وَ اللّٰہُ
ذُو الۡفَضۡلِ الۡعَظِیۡمِ (ادارہ)

۲۸ ویں کیمپ کی کارکردگی کا خلاصہ

آپریشن	۳۰۳۲
آؤٹ ڈور	۲۰۴۴
میزان	۵۰۷۶
مادرزاد نابینا	۴
یومیہ اوسط آپریشن	۱۲۱
اوسط خرچ فی مریض	۴۵ روپے ۲۸ پیسے
کامیابی کا تناسب	۹۹۰۷٪

مجموعی کارکردگی کا اجمالی جائزہ

کیمپ نمبر	آپریشن	آؤٹ ڈور مریض	میزان	مادرزاد نابینا
۱	۵۷۷	۳۴۷۸	۴۰۵۵	-
۲	۱۴۶	۱۴۰۰	۱۵۴۶	-
۳	۱۰۲۲	۵۸۰۸	۶۸۳۰	-
۴	۶۰۰	۲۸۲۱	۳۴۶۱	-
۵	۱۵۰۶	۵۰۰	۶۵۰۶	-
۶	۱۰۶۰	۳۶۲۷	۴۶۸۷	-
۷	۲۱۷۲	۴۴۹۲	۶۶۶۴	-
۸	۲۰۵۴	۵۴۹۶	۷۵۵۰	-
۹	۳۱۲۰	۸۱۶۷	۱۱۲۸۷	-
۱۰	۲۲۰۱	۶۷۹۹	۹۰۰۰	۴

کیمپ نمبر	آپریشن	آؤٹ ڈور مریض	میزان	مادر زاد نابینا
۱۱	۳۸۱۰	۱۲۵۳۵	۱۶۳۴۵	۳
۱۲	۲۶۵۵	۹۷۳۶	۱۲۳۹۱	۴
۱۳	۵۰۰۵	۱۴۲۵۵	۱۹۲۶۰	۲
۱۴	۳۰۵۰	۹۸۵۰	۱۲۹۰۰	۴
۱۵	۵۰۵۰	۱۳۰۹۱	۱۸۱۴۱	۸
۱۶	۴۰۲۵	۱۰۸۵۰	۱۴۸۷۵	۸
۱۷	۶۵۹۱	۱۶۸۰۰	۲۳۳۹۱	۸
۱۸	۳۱۱۰	۳۴۵۳	۶۵۶۳	۴
۱۹	۴۱۲۵	۵۹۶۹	۱۰۰۹۴	۵
۲۰	۲۵۱۸	۲۷۶۲	۵۲۸۰	۷
۲۱	۴۵۲۵	۴۶۶۱	۹۱۸۶	۸

کیمپ نمبر	آپریشن	آؤٹ ڈور مریض	میزان	مادر زاد نابینا
۲۲	۲۴۱۰	۲۲۹۰	۴۷۰۰	۵
۲۳	۵۵۵۵	۵۳۲۱	۱۰۸۷۶	۱۸
۲۴	۳۲۰۰	۲۲۲۵	۵۴۲۵	۹
۲۵	۵۷۰۵	۳۹۰۲	۹۶۰۷	۶
۲۶	۳۳۰۷	۲۸۳۴	۶۱۴۱	۴
۲۷	۷۰۰۲	۴۸۳۶	۱۱۸۳۸	۸
۲۸	۳۰۳۲	۲۰۴۴	۵۰۷۶	۴
میزان	۸۹۱۳۳	۱۷۴۵۴۲	۲۶۳۶۷۵	۱۱۵

۱۰۴۰۴

وہبی علم عنایت ہوتا ہے
اور وہبی علم کی سفارش نہیں ہوتی
عنایت ہی پہ اکتفا کر۔ یاحیی یاقیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين
وَاللهُ ذُو الفَضلِ العَظِيمِ

۱۰۴۰۵

بندے کا اپنے نفس سے جہاد کرنا
جہادِ اکبر ہے۔ یاحیی یاقیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين
وَاللهُ ذُو الفَضلِ العَظِيمِ

۱۰۴۰۶

تُو جذبہ تو رکھتا ہے، جنون نہیں اور

جنون کے بغیر جذبہ پایۂ تکمیل کو نہیں پہنچتا۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحيّ القيّوم
فالله خير الرازقين

وَاللهُ ذُو الفَضلِ العَظِيم

۱۰۴۰۷

عبد و معبود کے مابین ہمکلامی فیضِ موسوئی کی حقیقت ہے اور ہمیشہ جاری رہتی ہے۔

کلامِ الٰہی کی تلاوت

اللہ سے عین ہمکلامی ہے۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحيّ القيّوم
فالله خير الرازقين

وَاللهُ ذُو الفَضلِ العَظِيم

اَللّٰھُمَّ	اے اللہ
اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ	بیشک میں تیری پناہ مانگتا ہوں
مِنَ الْعَجْزِ	بے بسی و بے کسی سے
وَالْکَسَلِ	اور سستی سے
وَالْجُبْنِ	اور بُزدلی سے
وَالْبُخْلِ	اور بُخل سے
وَالْھَرَمِ	اور بڑھاپے سے
وَالْقَسْوَۃِ	اور دل کی سختی سے
وَالْغَفْلَۃِ	اور غفلت سے
وَالْعَیْلَۃِ	اور محتاجی سے
وَالذِّلَّۃِ	اور ذلّت سے
وَالْمَسْکَنَۃِ	اور مسکینی سے

وَاَعُوْذُبِكَ	اور تیری پناہ مانگتا ہوں
مِنَ الْفَقْرِ	تنگدستی سے
وَالْكُفْرِ	اور کفر سے
وَالْفُسُوْقِ	اور نافرمانی سے
وَالشِّقَاقِ	اور آپس کی دشمنی سے
وَالنِّفَاقِ	اور نفاق سے
وَالسُّمْعَةِ	اور سناوے سے
وَالرِّيَاءِ	اور دکھلاوے سے
وَاَعُوْذُبِكَ	اور تیری پناہ مانگتا ہوں
مِنَ الصُّمِّ	بہرے پن سے
وَالْبُكْمِ	اور گونگا ہونے سے
وَالْجُنُوْنِ	اور پاگل ہونے سے
وَالْجُذَامِ	اور کوڑھ سے

وَالْبَرَصِ — اور پھلبہری سے

وَسَیِّیِٔ الْاَسْقَامِ ۝ — اور بڑی بیماریوں سے

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، کہ حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم اپنی دعا میں یہ الفاظ فرمایا کرتے تھے۔ اللّٰھم انی اعوذ بک .... الخ۔

(المستدرک للحاکم۔ کنز العمال/کتاب العمل بالسنتہ ج۲ ص۶۸/۶۹)

✽

یَامَنْ اَظْهَرَ الْجَمِیْلَ — اے وہ جس نے ظاہر کیا اچھائی کو

وَسَتَرَ الْقَبِیْحَ — اور چھپایا بُرائی کو

یَامَنْ لَّا یُؤَاخِذُ — اے وہ جو مواخذہ نہیں کرتا

بِالْجَرِیْرَةِ — گناہوں پہ

وَلَا یَهْتِكُ السِّتْرَ — اور نہیں پردہ دری کرتا

پوشیدہ عیبوں کی

یَا عَظِیْمَ الْعَفْوِ	اے بہت معاف کرنے والے
یَا حَسَنَ التَّجَاوُزِ	اے خوب درگزر کرنے والے
یَا وَاسِعَ الْمَغْفِرَةِ	اے وسیع مغفرت والے
یَا بَاسِطَ الْیَدَیْنِ	اے دونوں ہاتھ کشادہ کرنے
بِالرَّحْمَةِ	والے رحمت کے ساتھ
یَا صَاحِبَ کُلِّ نَجْوٰی	اے ہر راز کے راز دار
وَ یَا مُنْتَهٰی کُلِّ شَکْوٰی	اور اے ہر شکایت کے منتہا
یَا کَرِیْمَ الصَّفْحِ	اے عزت کے ساتھ درگزر کرنے والے
یَا عَظِیْمَ الْمَنِّ	اے بڑے احسان کرنے والے
یَا مُبْتَدِئَ النِّعَمِ	اے دینے والے نعمتوں کے
قَبْلَ اسْتِحْقَاقِهَا	اسکے مستحق ہونے سے پہلے
یَا رَبَّنَا	اے ہمارے پروردگار
وَ یَا سَیِّدَنَا	اور اے ہمارے آقا

وَيَا مَوْلَانَا	اور اے ہمارے مولا
وَيَا غَايَةَ رَغْبَتِنَا	اور اے ہماری چاہت کے آخری مقصود
أَسْئَلُكَ يَا اَللهُ	سوال کرتا ہوں میں تجھ سے اے اللہ
أَنْ لَا تَشْوِيَ	کہ نہ بھونتا
خَلْقِي بِالنَّارِ ٥	میرے جسم کو آگ میں

حضرت عمروؓ بن شعیب اپنے باپ سے اور وہ اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف جبرئیل علیہ السلام نہایت اچھی صورت میں نازل ہوئے کہ اس کی مثل پہلے کبھی نازل نہیں ہوئے تھے وہ خوشی سے مسکرا رہے تھے پس انہوں نے نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم پر سلام کہا اور آپ نے فرمایا وَعَلَيْكَ السَّلَامُ اے جبریل۔ اس کے بعد (حضرت جبریلؑ نے) عرض کیا کہ مجھے اللہ تعالے نے آپ کی طرف ایک ہدیہ دے کر بھیجا ہے۔ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے

فرمایا !

اے جبرئیلؑ ! وہ ہدیہ کیا ہے ؟

حضرت جبرئیلؑ نے جواب دیا وہ ہدیہ ان کلمات کا پڑھنا ہے۔

یا من اظہر الجمیل .... الخ

(المستدرک للحاکم / کتاب العمل بالسنۃ ج۴ ص۱۱۲/۳)

۱۰۴۰۸

بندہ ناشکرا کسی بھی عنایت کا شکر نہیں کرتا۔ بڑی سے بڑی عنایت پر بھی نہیں۔ ہر عنایت کو اپنی کوشش ہی کی طرف منسوب کرتا ہے۔

کیا یہ عنایت تیرے لیے کافی نہیں کہ اللہ نے تجھے نہر کے کنارے بٹھایا ہوا ہے اور نہر کے اندر رہتے

والی مچھلیاں بھی تیری مغفرت کے لیے دعائیں کرتی ہیں؟

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۴۰۹

دُوری کسی کی بھی ہو، دَم بھر کے لیے بھی ناگوار ہوتی ہے۔ یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۴۱۰

اہلِ قبور کی صدائیں

وہ کام کیوں نہ کیے جو تیرے کام آتے؟

دُنیا ہی کے کاموں میں مصروف ہو کر زندگی کی بازی ہار گیا۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحيّ القيّوم
فالله خير الرّازقين

وَاللهُ ذُوالفَضلِ العَظِيمِ

۱۰۴۱۱

حضرت آدمؑ صفی اللہ

صَلوٰۃُ اللہِ عَلٰی سیدنا آدم علیہ السلام

صَلوٰۃُ اللہِ عَلٰی سیّدنا آدم علیہ السلام

صَلوٰۃُ اللہِ عَلٰی سیّدنا آدم علیہ السلام

ہر کوئی حضرت آدم علیہ السلام کی اولاد میں سے ہے۔ اللہ اللہ، ہزارہا سال گزرے، صحیح تعداد اللہ ہی جانتے ہیں کہ کن کن ممالک اور کیسے کیسے مذاہب

سے ہوتا ہوا یہ بندہ پیدا ہوا۔

--- * ---

ایسے بھی گزرے ہوں گے

کوئی جبنگجو

کوئی بُزدل

کوئی مطیع

کوئی مُنکر

--- * ---

اپنے کسی مقبول ترین نسب کی نسبت کا اِکرام کر

یہی آدمیت کا شرف ہے۔

بندہ بن کر رہ

بندگی ہی آدمیت کا اِکرام ہے۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۰۴۱۲

میری نسل میں قابلِ ذکر تذکرہ

میرے دادا کے دادا حضرت بابا دندو شاہؒ کا ہے۔

آپ کئی سو سال پہلے دریائے ستلج کے دندے پر نصف صدی دریا کے بیلے میں رونق افروز رہے اور اسی دندے ہی کی مناسبت سے بابا دندو شاہؒ کہلائے۔ یاحیّ یاقیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۰۴۱۳

بے چلنے والے! کسی ایسی خصلت کا مظاہرہ کر جو

کبھی باطل نہ ہو،

آخر تک زندہ و قائم رہے۔

خصلت کی تبلیغ نہیں ہوتی، خصلت بذاتِ خود

ہی تبلیغ ہوتی ہے۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہُ ذو الفضل العظیم

۱۰۴۱۴

انسان : عَینُ الوجُودْ

وَالسّبب فِی کُلِّ مَوجُود

جسم الوجود

ہڈی

پسلی

رگ و ریشہ

سے مڑھا ہوا ہے، کوئی بھی جگہ خالی نہیں۔
اللہ کرے جسم الوجود بھی ذکرِ الٰہی میں محو و منہمک
رہے، کوئی بھی دَم خالی نہ گزرے۔

یاحی یاقیوم

الحمد للحيّ القيّوم
فالله خير الرازقين
وَاللهُ ذُو الفَضْلِ العَظِيْمِ

۱۰۴۱۵

مضبوط ترین قلعے جن کے گرنے کا کوئی بھی
خدشہ نہ تھا، آن کی آن میں غرق ہو گئے
لیکن کسی نے بھی کوئی عبرت حاصل نہ کی مسمار
شدہ کو دیکھا، سیر و سیاحت کی اور چل دیے۔
یہ تھی دیکھنے کی چیز جو بھول گئے۔ یاحی یاقیوم

الحمد للحيّ القيّوم
فالله خير الرازقين
وَاللهُ ذُو الفَضْلِ العَظِيْمِ

۱۰۴۱۶

عمل وہ ہے جسے پڑھنے والا کبھی نہ اُکتائے،

دم بدم تازہ دم رہے۔

یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۴۱۷

پرند، چرند، خزند، درند،

بندوں کو جانتے ہیں لیکن بندے

انھیں نہیں جانتے۔

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۴۱۸

ایک دوست گیارہ سال بعد ملاقات کے لیے آیا۔
آتے ہی وہ بات کہی جسے کرنا ممکن نہیں۔
کیا خوب ہوتا جو نہ ہی آتا۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۰۴۱۹

حضرت خواجہ خضرؑ رُشد اللہ ہی سفر کے حالات کے
عارف ہوتے ہیں، کوئی دُوسرا نہیں۔
حضرت موسیٰ کلیم اللہ علیہ السلام اور حضرت خواجہ
خضر رُشد اللہ علیہ السلام کے مابین ہم کلامی سفر ہی کی
حقیقت کی ترجمان ہے۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۰۴۲۰

غور نے حضرت یونس علیہ السلام کا واقعہ دیکھا، جو کوئی معمولی بات نہ تھی۔ مچھلی کے مُنہ میں سے گزر کر پیٹ میں رہنا، اللہ اللہ، ایک نازک مرحلہ تھا۔ یہ ایک مقبول ترین نبی کا واقعہ تھا۔ آپ کے اعمال اللہ تبارک و تعالیٰ کے حُضور میں ساری دنیا کے برابر ہوتے۔

مچھلیوں کی دُنیا میں کیا رنگ بندھا ہوگا !
ناز کے مارے مر مر جاتی ہوں گی !

دُنیا بھر کے چِلوں میں اِس کا کوئی بھی ہمسر نہیں۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحيّ القيوم
فالله خير الرازقين
وَاللّٰهُ ذُو الفَضلِ العَظِيمْ

۱۰۴۲۱

وَیُطْعِمُوْنَ الطَّعَامَ عَلٰی حُبِّهٖ مِسْکِیْنًا وَّ
یَتِیْمًا وَّ اَسِیْرًا ٥　　　　(الدھر: ۸)

ترجمہ: اور وہ لوگ (محض) اللہ کی محبت میں غریب کو، یتیم کو اور قیدی کو کھانا کھلاتے ہیں۔

رمضان المبارک کے بعد بھی قیدی بھائیوں کیلئے ماکولات و مشروبات کا سلسلہ بدستور جاری رہے گا۔ ماشاء اللہ! میرے نزدیک اس سے بہتر اور کوئی دعوت نہیں۔ جی بھر کر کھلاؤ، پلاؤ اگرچہ سونے کے بھاؤ بکتا ہو۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرّازقین
وَاللہُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِیْم

۱۰۴۲۲

کس نے بَیّے کو گھونسلا بنانے کی فنکاری سکھائی ؟

دُنیا بھر کے انجنیئر مل کر بھی ایک ایسا گھونسلا نہیں بنا سکتے ۔

یہ سب میرے سامنے ہوا۔ کس قسم کا میٹریل لیا اور کِس ترکیب سے بنایا۔ ایک تِیلا ان میں سے گرا۔ دیکھا کہ سرکنڈے کے پتوں میں سے ایک تیلا ہے اور شاید ہی کسی نے یہ غور کیا ہو کہ بیّے کا یہ گھونسلا صنعت و حرفت کا کرشمہ ہے ۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُو الفَضْلِ العَظِیْم

۱۰۴۲۳

جیسے بندوں کے اعمال ہوتے ہیں ،
ویسے ہی مؤکلات !

یاحیّ یاقیوم

الحمد للحيّ القيّوم
فالله خير الرّازقين

وَاللهُ ذُوالفَضلِ العظيم

۱۰۴۲۴

بہترین انتظاری : افطاری

یاحیّ یاقیوم

الحمد للحيّ القيّوم
فالله خير الرّازقين

وَاللهُ ذُوالفَضلِ العظيم

۱۰۴۲۵

جس نے بھی جو بین بجائی ، دین ہی کی اوٹ میں بجائی

اورکسی کی بھی سمجھ میں نہ آئی۔

یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۴۲۶

جس نے بھی کسی کو عار دلائی، مرتے مر گئے
کبھی نہ بھلائی۔ یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۴۲۷

مصروفیت زندگی کا گوہر بھی ہے، جوہر بھی۔
پُرکیف بھی ہے اور کسل کے باعث بے کیف بھی۔

یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۴۲۸

بہادری کے کارنامے چتوڑ کی تاریخ میں تلاش کر

باز یگر جب شطرنج کھیلتے، کہتے: "کھیل چھوٹی ہو تو دِلّی کا تخت نہ ملے۔"

گویا چتوڑ کے خانہ بدوش بازیگروں کے بھی دل سے دِلّی فتح کرنے کا خیال نہ نکلا۔ انہوں نے کبھی مُغلیہ خاندان کے بادشاہوں کو چتوڑ کے راجگان تسلیم نہ کیا۔ شکست کے باوجود ہار نہ مانی۔ اور اس طرح تاریخ کا درخشندہ باب بنے۔ یا حیی یا قیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين

وَاللهُ ذُو الفَضلِ العَظِيم

۱۰۴۲۹

اللہ کی راہ میں ذلت کی انتہا۔ رحمت کی ابتدا

یا حیی یا قیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين

والله ذو الفضل العظيم

۱۰۴۳۰

ذکرِ الٰہی کا حیلہ۔ اللہ العلی العظیم کو راضی کرنے کا سبب

وسیلہ۔ یا حیی یا قیوم

الحمد للحي القيوم فالله خير الرازقين

وَاللهُ ذُو الفَضْلِ العَظِيم

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ — اے اللہ! میں

اَسْئَلُكَ حُبَّكَ — مانگتا ہوں تجھ سے تیری محبت

وَحُبَّ — اور محبت ان کی

مَنْ یُحِبُّکَ	جو تجھ سے محبت کرتے ہیں
وَالْعَمَلَ الَّذِیْ	اور (اس) عمل (کی محبت) جو
یُبَلِّغُنِیْ حُبَّکَ	پہنچادے مجھے تیری محبت تک۔
اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ حُبَّکَ	اے اللہ بنادے تو اپنی محبت کو
اَحَبَّ اِلَیَّ	زیادہ محبوب میرے نزدیک
مِنْ نَفْسِیْ	میری اپنی جان سے
وَاَھْلِیْ	اور اپنے گھر والوں سے
وَمِنَ الْمَآءِ الْبَارِدِ ہ	اور خنک (وشیریں) پانی سے

حضورِ اقدس صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (اللہ کے نبی)
داؤد علیہ السلام یہ دُعا کیا کرتے تھے۔ .... الخ

راوی کا بیان ہے کہ حضورِ اقدس صلے اللہ علیہ وسلم جب (کبھی) حضرت داؤد علیہ السلام کا ذکر فرمایا کرتے تھے تو ان کی کوئی نہ کوئی بات بھی بیان کر دیا کرتے تھے اور فرمایا کرتے

کہ وہ یعنی حضرت داؤد علیہ السلام بندوں میں سب سے زیادہ عبادت کرنے والے تھے۔

(حضرت ابو درداءؓ / جامع ترمذی / کتاب العمل بالسنۃ ج ۲ ص ۶۲/۶۳)

۱۰۴۳۱

کسی اللہ کے بندے سے محبت کرنا بھی ایک امید افزا عمل ہے

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين
وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ

❁

وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ	اور ڈال دی میں نے تم پر
مَحَبَّةً مِّنِّيْ ج	محبت اپنی طرف سے
وَلِتُصْنَعَ	تاکہ تم پرورش پاؤ
عَلٰى عَيْنِيْ ۝	میری نگرانی میں

(طٰہٰ : ۳۹)

۱۰۴۳۲

فنا : غبار آلود ۔ راکھ

بقا : ٹہک و مہک

یا محیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذو الفضل العظیم

۱۰۴۳۳

گناہ کے بعد توبہ اللہ کو پسند

جو کبھی گناہ نہیں کرتا ناپسند

حضورِ اقدس صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قسم ہے
اس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے،
اگر تم گناہ نہ کرو تو اللہ تمہیں ختم کر دے اور تمہاری

جبکہ ایک ایسی قوم کو لائے جو گناہ کرے اور
اللہ سے مغفرت چاہے اور پھر اللہ ان کے گناہوں
کو بخش دے (اس سے مقصود گناہ کی ترغیب نہیں
ہے بلکہ اپنی شانِ مغفرت کا اظہار مقصود ہے)

(حضرت ابوہریرہ رضہ/ مشکوٰۃ شریف ج ۱ ص ۳۹۱ شمار ۲۲۰۵)

حضرت ابوسعید خُدری رضی اللہ عنہ، کہتے ہیں کہ حضور
اقدس صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بنو اسرائیل میں
ایک شخص تھا جس نے **ننانوے آدمی قتل کیے تھے**
پھر وہ بنو اسرائیل میں سے یہ پوچھتا ہوا نکلا کہ اسکی توبہ
قبول ہو سکتی ہے یا نہیں - وہ ایک عابد کے پاس
پہنچا اور اس سے پوچھا کہ کیا اسکی توبہ قبول ہو سکتی ہے؟

عابد نے کہا نہیں۔ اس نے عابد کو (بھی) مار ڈالا اور پھر اسی طرح لوگوں سے پوچھنا شروع کیا۔ پھر ایک شخص نے اس سے کہا کہ تو فلاں آبادی میں جا اور نام و پتہ بتایا۔ (چنانچہ وہ ادُھر چل دیا) راستہ میں اسکو معلوم ہوا کہ موت قریب ہے۔ (وہ آدھا راستہ طے کر چکا تھا۔ موت کو قریب پاکر) اس نے اپنا سینہ آبادی کی طرف بڑھا دیا جدھر وہ توبہ کے ارادہ سے چل رہا تھا۔ گویا اس نے آدھے سے زیادہ فاصلہ طے کرلیا) موت کے فرشتے جن میں رحمت کے فرشتے اور عذاب کے فرشتے دونوں تھے اسکی روح قبض کرنے آئے اور دونوں میں جھگڑا ہوا کہ کون اسکی روح قبض کرے (یعنی رحمت کے فرشتے قبض کریں یا عذاب کے فرشتے) اللہ تعالےٰ نے اس بستی کو (جدھر وہ توبہ کے ارادہ سے جا رہا تھا)

حکم دیا کہ

وہ میّت کو اپنے سے قریب کرلے

(یا میت کے قریب ہو جائے) اور جس آبادی سے وہ چلا تھا اُسے حکم دیا کہ تو میت سے دُور ہو جا۔ پھر اللہ تعالیٰ نے جھگڑا کرنے والے فرشتوں سے کہا کہ تم دونوں فاصلہ ناپو۔ (چنانچہ وہ فاصلہ ناپا گیا۔ ناپنے سے) معلوم ہوا کہ جدھر وہ جا رہا تھا، ادھر کا فاصلہ ایک بالشت کم ہے

پس اللہ نے اسکو بخش دیا

(بخاری و مسلم۔ مشکوٰۃ شریف ج ۱ ص ۳۹۱ شمارہ ۴، ۲۲)

ابھی تک اس نے توبہ نہیں کی تھی،

توبہ کرنے کا قصد کر کے نکلا تھا!

یہ ہے توبہ کی فضیلت!

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَ اَتُوْبُ اِلَیْهِ ۝ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَ اَتُوْبُ اِلَیْهِ ۝ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَ اَتُوْبُ اِلَیْهِ ۝ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ

حضرت بلال بن یسار بن زید رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ مجھ سے میرے والد نے اور اُن سے اُن کے والد نے بیان کیا کہ انھوں نے حضورِ اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سُنا کہ جو شخص استغفر اللہ الذی لا الٰہ الا ھو الحی القیوم و اتوب الیہ کہے اس کے گناہ بخش دیئے جاتے ہیں اگرچہ وہ جہاد سے بھاگا ہوا ہو۔

(مشکوٰۃ شریف ج ۱ ص ۳۹۵ شمار ۲۲۲۹)

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ ۝ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ ۝ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ ۝ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ

حضرت ابو سعیدؓ فرماتے ہیں کہ حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ شیطان نے اپنے پروردگار سے عرض کیا قسم ہے تیری ذات کی، اے پروردگار، میں ہمیشہ تیرے بندوں کو گمراہ کرتا رہوں گا جب تک ان کی روحیں انکے جسم میں ہیں۔ پروردگار بزرگ و برتر نے فرمایا: اور قسم ہے مجھے اپنی عزّت کی اور اپنے جلال کی اور اپنے بلند مرتبہ کی۔۔۔ جب تک میرے بندے مجھ سے بخشش مانگتے رہیں گے، میں ہمیشہ ان کو بخشتا رہوں گا۔

(مشکوٰۃ شریف ج۱ ص۳۹۴ شمار ۲۲۳۰)

حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے
کہ حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ
اللہ تبارک و تعالےٰ بندے کی توبہ اس وقت
تک قبول کرتا ہے جب تک اس کی
جان حلق تک نہ پہنچ جائے۔
(یعنی توبہ کا دروازہ زندگی کے آخری سانس
تک کھُلا رہتا ہے)

(ترمذی۔ ابنِ ماجہ / مشکوٰۃ شریف ج ۱ صـــ ۳۹۴

شمارہ ۱۹ ۲۲)

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۰۴۳۴

اہلِ توبہ ——— بامُراد

ماشاء اللہ لاقوۃ الا باللہ

یاحیُّ یاقیُّومُ

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۴۳۵

غُسلِ عِصیاں

لَآ اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ الْحَلِیْمُ الْکَرِیْمُ ط لَآ اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ط سُبْحَانَ اللّٰہِ رَبُّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْکَرِیْمِ ط وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ ۝

اللہ تبارکؐ تعالیٰ جب کسی بندے کی توبہ قبول فرما لیتے ہیں، اسے غُسلِ عصیاں کی توفیق عنایت فرماتے ہیں

یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

واللہُ ذوالفضل العظیم

۱۰۴۳۶

خُشک پودوں کی آبیاری مثل روح افزا شربت۔

یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

واللہُ ذوالفضل العظیم

۱۰۴۳۷

سکینۃ - مِنَ الرّحمٰن

وساوس - مِنَ الخنّاس

سکینۃ کے ورود ہی سے وساوس کا فور۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہُ ذُوالفضل العظیم

۱۰۴۳۸

ذکر سے تبلیغ اور

تبلیغ سے خدمتِ خلق۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظیم

۱۰۴۳۹

روح و نفس جب آپس میں ملاقی ہو کر متحد و مربوط

ہوتے ہیں الٰہی فرمان کی پذیرائی کا ظہور ہوتا ہے

صَلوٰۃً تَدُوْمُ بِدَوَامِکَ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ

یَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ - یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرّازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العظیم

۱۰۲۴۰

فرمان : اِنَّ اللّٰہَ وَ مَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ ط یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا ۵ (الاحزاب : ۵۶)

تعمیل : اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَ بَارِکْ عَلَی النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ ط یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرّازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العظیم

۱۰۴۴

روح جب نفس کا گھیراؤ کرتی ہے، بیچارہ کسی بھی کام کا نہیں رہتا۔ انتہائی بے بسی کے عالم میں بیقرار ہوکر اتباع پہ مجبور ہوجاتا ہے۔ کسی اور طرح کوئی بھی نفس جیتے جی روح کے تابع نہیں ہوتا۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۴۵

بات بات پہ مت ہنسا کرو، عقلمندوں کو زیب نہیں دیتا۔

قہقہے پہ قہقہہ لگانا شیطان کو ہنسانے کا موجب ہوتا ہے۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۴۴۲

معلم الملائکہ نفس کا مشیر ہے اور روزِ ازل سے
میرا مخالف۔ جیسے چاہتا ہے، مَن مانی کرواتا ہے
اور ہر کسی کو ہتھیلی پہ بٹھا کے نچاتا ہے لیکن
تیرے ربّ کی قسم! ہم نے تیری کسی بھی خواہش
کو کبھی پُورا ہونے نہیں دینا، بات بات پہ
تجھے شرمندہ نہ کریں تو کہنا! یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۴۴۳

ہم سب جانتے ہیں لیکن مانتے نہیں۔

قبر کا منظر انتہائی وحشت خیز۔
حشرات الارض کا مرکز

اگر کوئی قبر کے عذاب و فتنات کو جان لے،

جیتے جی کبھی دُنیا میں جی نہ لگائے۔ یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللهُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۰۴۴

مشرق سے لے کر مغرب تک نفس ہی کا راج

ہے۔ دین کی اوٹ میں بھی نفس ہی کارفرما ہوتا ہے

دین جب نفس سے بیزار ہو جاتا ہے، دین دار بن جاتا ہے

جب تک کوئی نفس کا عارف نہیں ہوتا، دین دار نہیں

ہوتا۔ یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللهُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۰۴۴۵

نفس ہی کماتا
نفس ہی کھاتا اور
نفس ہی ہر کمائی کا ڈھنگ بتاتا ہے۔

یاحیّ یاقیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۴۴۶

"کوئی نئی بات بتا جو ہم نہیں جانتے"
"علم پہ عمل کر"
"بولتے ڈر لگتا ہے،
کہتا ہوں ـــــ کرتا نہیں"

یاحیّ یاقیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۴۴۷

لا الٰہ ـــــــ گویا ہر شے کی نفی ہے
ہر شے کی نفی میں ہی الا اللہ کا شہود !

ذرّہ ذرّہ ، پتہ پتہ میں الا اللہ کا ظہور

جہاں اللہ نہیں ، وہاں کچھ بھی نہیں

یہ کلام شاعرانہ نہیں ، حقیقت کا ترجمان ہے ۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضْلِ العظیم

۱۰۴۴۸

سو سال سے شیشم کے درخت سڑک کے کنارے لگے ہوئے ہیں، انکی چوٹیاں ابھی تک آپس میں ملی نہیں — اس لیے کہ شب و روز انکی کٹائی جاری ہے ورنہ ایک جگہ دیکھنے میں آیا کہ درختوں کی چوٹیاں آپس میں اس طرح ملی ہوئی تھیں کہ گزرتے ہوئے بھی ڈر لگتا تھا، اسی لیے وہاں دُور دُور تک کوئی آبادی نہ تھی۔

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فانه خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۰۴۴۹

چھپار کا میلہ لودھیانہ میں ایک مشہور اجتماع ہوتا۔ دُور دراز سے لوگ سفر کر کے میلہ دیکھنے آتے۔

حاضرین میں سے ایک بولی دیتا، سینکڑوں اسکی تائید
کرتے۔ بس بھی گیا۔ دیکھا، لاٹھی کے سرے پہ
اُلٹی پتیلی بُلند کیے ہوئے
ایک کہتا : ستّر بیگھے پھوکی
حاضرین جھومتے ہوئے مِل کر کہتے : ابس پتیلی نے

معلوم ہوا وہ افیمی تھا، نشے کے لیے ساری جائیداد
بیچ کر کھا گیا۔ یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِیْم

۱۰۴۵۰

قرونِ اُولیٰ کے دو مایہ ناز خصائل :
ترکِ تام اور

ذکرِ دوام ۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحيّ القيوم
فالله خير الرازقين

وَاللهُ ذُوالفَضلِ العَظِيم

۱۰۴۵۱

ذکر کے ہمراہ صدقات و خیرات لازم وملزوم۔ ذکر بذاتِ خود بھی ایک صدقہ وخیرات ہے۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحيّ القيوم
فالله خير الرازقين

وَاللهُ ذُوالفَضلِ العَظِيم

۱۰۴۵۲

صدقات و خیرات ——— مایہ ناز اعمال

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحيّ القيوم
فالله خير الرازقين

وَاللهُ ذُوالفَضلِ العَظِيم

۱۰۴۵۳

اللہ کی راہ میں نکلنے کا قصد۔ بہترین سبیل

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين
وَاللهُ ذُو الفَضْلِ العَظِيْمِ

عن ابن عباس رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ صلے اللہ علیہ و سلم ان للہ تعالیٰ ملکا لو قیل له التقم السموٰت السبع والارضین بلقمۃ واحدۃ لفعل تسبیحہ سُبْحَانَكَ حَیْثُ کُنْتَ

(رواہ الطبرانی)

ترجمہ: حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہٗ سے روایت ہے کہ فرمایا جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے:

اللہ تعالیٰ کا ایک فرشتہ ایسا ہے کہ اگر اسے کہا جائے تم ساتوں آسمانوں اور زمینوں کو ایک ہی لقمہ بنا لو تو وہ ایسا کر سکتا ہے۔ اسکی تسبیح "سُبحَانَکَ حَیثُ کُنتَ" ہے (تو جہاں کہیں ہے، پاک ہے) اسے طبرانی نے روایت کیا ہے۔ (الفتح الکبیر ج ا صـ۲۱۱)

طبرانی کبیر ج ۱۱ صـ۱۹۵ شمار ۱۱۴۷۶

مجمع الزوائد ج ۱ صـ۸۰

۱۰۴۵۴

حدیثِ مطہرہ کی جُستجو میں ورق گردانی کبھی ناکام نہیں ہوتی یہ مطلوبہ مراد سے فیض یاب، ماشاء اللہ!

یا حیُّ یا قیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين

وَاللّٰهُ ذُو الفَضلِ العَظِيم

اَللّٰھُمَّ اھْدِنِیْ فِیْمَنْ ھَدَیْتَ ط

اے اللہ مجھے ہدایت دے ان لوگوں جیسی جن کو تو نے

وَبَارِکْ لِیْ فِیْمَا اَعْطَیْتَ ط

ہدایت دی۔ اور برکت دے مجھے اس میں جو تو نے مجھے عطا

وَتَوَلَّنِیْ فِیْمَنْ تَوَلَّیْتَ ط

کیا اور میری کارسازی فرما ان لوگوں جیسی جنکی تو نے کارسازی

وَقِنِیْ شَرَّمَا قَضَیْتَ ط فَاِنَّکَ

فرمائی اور مجھے اس چیز کی بُرائی سے بچا جو تو نے میرے مقدر میں لکھی ہے

تَقْضِیْ وَلَا یُقْضٰی عَلَیْکَ ط

کیونکہ تیرا حکم سب پر چلتا ہے اور تجھ پر کسی کا حکم نہیں چلتا۔

وَاِنَّهٗ لَا یَذِلُّ مَنْ وَّالَیْتَ ط

اور جس کا تو نگہبان ہوا وہ کبھی ذلیل نہیں ہو سکتا

تَبَارَکْتَ رَبَّنَا وَتَعَالَیْتَ ط

تو بابرکت ہے اے ہمارے پروردگار اور تو ہی برتر ہے۔

وَصَلَّى اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ مُحَمَّدٍ ۝

اور درود ہو نبی حضرت محمد صلے اللہ علیہ وسلم پر۔

حضرت حسن بن علی (رضی اللہ عنہما) سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم نے مجھے یہ کلمات وتر میں پڑھنے کے لیے تعلیم فرمائے۔

(سنن نسائی ج ۱ ص۱۷۹/

کتاب العمل بالسنۃ ج ا ص۹/۹۵۸)

یا حی یا قیوم

۱۰۴۵۵

اے بادشاہوں کے بادشاہ، ربِّ ذوالجلالِ والاکرام!

یہ نفس جیسا بھی ہے، تیرے سامنے ہے۔

حیث کان وحیث کُنت

اس سے درگزر فرما اور

راضی ہو ——— ایسے راضی ہو جیسے کہ تو

اپنے بندوں سے راضی ہوا کرتا ہے۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۴۵۶

معیاری روزہ تو میں رکھ نہ سکا

البتہ فاقہ ضرور ہے۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ تَسْمَعُ کَلَامِی
اے اللہ تو سنتا ہے میری بات کو اور
وَتَرٰی مَکَانِی وَتَعْلَمُ سِرِّی
دیکھتا ہے میری جگہ کو اور جانتا ہے میرے پوشیدہ کو
وَعَلَانِیَتِی لَا یَخْفٰی عَلَیْکَ
اور میرے ظاہر کو چھپی نہیں رہ سکتی تجھ سے
شَیٌٔ مِّنْ اَمْرِی وَاَنَا الْبَآئِسُ
میری کوئی بھی بات اور میں ہوں مصیبت زدہ
الْفَقِیْرُ الْمُسْتَغِیْثُ الْمُسْتَجِیْرُ
محتاج فریادی پناہ جو
الْوَجِلُ الْمُشْفِقُ الْمُقِرُّ الْمُعْتَرِفُ
ترساں ہراساں اقرار کرنے والا ،

بِذَنْبِی اَسْئَلُکَ مَسْأَلَۃَ

ماننے والا اپنے گناہ کا میں سوال کرتا ہوں تجھ سے

الْمِسْکِیْنِ وَابْتَہِلُ اِلَیْکَ

سوال بے کس کا سا اور گڑ گڑاتا ہوں تیری بارگاہ میں

اِبْتِھَالَ الْمُذْنِبِ الذَّلِیْلِ

گڑگڑانا گناہ گار ذلیل کا سا اور طلب

وَاَدْعُوْکَ دُعَآءَ الْخَآئِفِ الضَّرِیْرِ

کرتا ہوں تجھ سے طلب کرنا خوفزدہ آفت رسیدہ کا سا

مَنْ خَضَعَتْ لَکَ رَقَبَتُہٗ وَ

اس شخص کا سا کہ جھکی ہوئی ہو تیرے سامنے گردن اسکی

فَاضَتْ لَکَ عَبْرَتُہٗ وَذَلَّ

اور بہہ رہے ہوں آنسو اس کے اور فروتنی کیے ہو

لَکَ جِسْمُہٗ وَرَغِمَ لَکَ

وہ تیرے حضور میں اور رگڑتا ہو تیرے سامنے

اَنْفُہٗ ط اَللّٰھُمَّ لَا تَجْعَلْنِیْ

ناک اپنی اے اللہ نہ کر مجھے

بِدُعَآئِكَ شَقِيًّا وَّكُنْ بِيْ
تجھ سے دُعا مانگنے میں ناکام اور ہوجا مجھ پر بہت
رَءُوْفًا رَّحِيْمًا يَّا خَيْرَ الْمَسْئُوْلِيْنَ
مہربان بہت رحم کرنے والا اے ان سب سے بہتر جن سے
وَيَا خَيْرَ الْمُعْطِيْنَ ۝
مانگا جائے اور اے سب دینے والوں سے بہتر۔

اسے طبرانی نے کبیر میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کیا ہے۔

(کنز العمال / کتاب العمل بالسنۃ ج ۲ ص ۳۸)

یا حیی یا قیوم

۱۰۴۵۷

سُلطان الہند والسندھؒ کے پیر حضرت عُثمان ہارونی قدس سرہ العزیز نے فرمایا:

خوش آں رندی کہ پامالش کند صد پارسائی را

رِندیؔ — طریقت کا حیران کُن مذہبؔ

ہر مذہب میں منہیات چار ہیں:-

کذب ، غیبت ، نمیمت ، حسد

جو اسے پاگیا ، لے گیا۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين

وَاللهُ ذُو الفَضلِ العَظِيمِ

اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ رَبٌّ عَظِيمٌ لَا

اے اللہ بے شک آپ رب ہیں بڑی عظمت والے

يَسَعُكَ شَيْءٌ مِّمَّا خَلَقْتَ

آپکو نہیں سما سکتی کوئی چیز آپ کی مخلوق میں سے

وَاَنْتَ تَرٰى وَلَا تُرٰى وَ

اور آپ دیکھتے ہیں اور دیکھے نہیں جاتے اور

اَنْتَ بِالْمَنْظَرِ الْاَعْلٰى وَاِنَّ

آپ بہت اونچے مقام پر ہیں اور بے شک آپ کے لیے

لَكَ الْاٰخِرَةَ وَالْاُوْلٰى وَلَكَ

ہے آخرت اور دنیا اور آپ ہی کے بس میں ہے

الْمَمَاتُ وَالْمَحْيَا وَاِنَّ اِلَيْكَ

موت اور زندگی اور بے شک آپ ہی کیطرف ہے

الْمُنْتَهٰى وَالرُّجْعٰى نَعُوْذُبِكَ اَنْ

انتہا اور لوٹنا۔ ہم تیری پناہ مانگتے ہیں ذلیل

اِنَّکَ اَللّٰھُمَّ نَخْزٰی وَ نَذِلَّ
بے شک اے اللہ! سے رسوا ہونے اور
سَاَلْتَنَا مِنْ اَنْفُسِنَا مَا لَا نَمْلِکُہٗ
آپ نے مانگی ہم سے وہ بات ہمارے نفسوں سے
اِلَّا بِکَ فَاَعْطِنَا مِنْھَا مَا یُرْضِیْکَ
جس کا ہم اختیار نہیں رکھتے مگر آپ کی توفیق سے
عَنَّا ۝
پس عطا کر ہمیں ہمارے نفسوں سے وہ بات جو آپ کو ہم سے راضی کردے

اسے دیلمی نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے۔

(کنز العمال / کتاب العمل بالسنۃ ج۴ ص۱۲۷)

۱۰۴۵۸

وقت کی نزاکت کو از بر کر
جو کرنا ہے، ابھی کر
جو بننا ہے، ابھی بن
ساز تیار ہیں
جو بجانا ہے، ابھی بجا

یَا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِیْنَ صلی اللہ علیہ وسلم!
رحمت نچھاور فرما!
یا حیّ یا قیوم یا ذاالجلال والاکرام
آمین!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِیْم

۱۰۴۵۹

سیّدنا شافٍ (صلے اللہ علیہ وسلم)

روح و نفس کو شفا بخشنے والے

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين
وَاللهُ ذُو الفَضلِ العَظِيم

۱۰۴۶۰

سیّدنا عالمٌ صلی اللہ علیہ وسلم

سے مراد ظاہر و باطن کے علم کا عالم

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين

وَاللهُ ذُو الفَضلِ العَظِيم

۱۰۴۶۱

بندہ کی قوّت ایک
جماعت کی انیک

یا حیی یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۴۶۲

اللہ کے بندوں نے تو ان چیزوں کو کبھی پسند نہیں کیا، دیکھا تک نہیں، نہ ہی کبھی اُنکے کام آئیں اور یہی اُن کی آدمیت و انسانیت و بشریت کی آن تھی۔ اور ہم اور تم جو چاہتے ہیں، کرتے ہیں۔ یہ نسبت کیسی؟ وما علینا الا البلاغ

یا حیی یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۴۶۳

جو ہر بُرائی سے باز آجاتا ہے،
نیکی اُس کا استقبال کرتی ہے۔

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحيّ القيّوم
فالله خير الرّازقين

والله ذو الفضل العظيم

۱۰۴۶۴

اُلّو کو ویرانہ، بُلبل کو گُلستان

اُلّو رویا کرتا ہے، بُلبل گایا کرتی ہے

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحيّ القيّوم
فالله خير الرّازقين

والله ذو الفضل العظيم

۱۰۴۶۵

بُلبل اِرم کی سیر کو نکلی اور گُلستانِ اِرم سے
یہ پھول لائی۔

لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ — اسی کا ہے جو کچھ ہے بیچ آسمانوں کے
وَمَا فِي الْاَرْضِ — اور جو کچھ ہے بیچ زمین کے
وَمَا بَيْنَهُمَا — اور جو کچھ ہے بیچ ان دونوں کے
وَمَا تَحْتَ الثَّرٰى ۝ — اور جو کچھ ہے اس مٹی کے نیچے

(طٰہٰ : ۵)

اُسی کا مُلک ہے، اُسی کی شاہی

فَاِنَّكَ تَقْضِيْ — کیونکہ تیرا حکم سب پر چلتا ہے
وَلَا يُقْضٰى عَلَيْكَ ط — اور تجھ پر کسی کا حکم نہیں چلتا

(کتاب العمل بالسنۃ ج ۱ ص ۹۵۸)

نیز کہا

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ	سب تعریف اس اللہ کے لیے ہے
تَوَاضَعَ کُلُّ شَیْءٍ لِعَظَمَتِہٖ	جس کی عظمت کے آگے ہر چیز عاجز ہے
وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ	اور سب تعریف اس اللہ تعالیٰ کے لیے ہے
ذَلَّ کُلُّ شَیْءٍ لِعِزَّتِہٖ	کہ جس کی عزت کے سامنے سب چیزیں ذلیل ہیں
وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ	اور سب تعریف اس اللہ کے لیے ہے
خَضَعَ کُلُّ شَیْءٍ لِمُلْکِہٖ	جس کی حکومت کے سامنے ہر شے جھکی ہوئی ہے
وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ	اور سب تعریف اس اللہ تعالیٰ کے لیے ہے
اِسْتَسْلَمَ کُلُّ شَیْءٍ لِقُدْرَتِہٖ	جس نے ہر چیز کو اپنی قدرت کے مطیع کر رکھا ہے

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کہے

الحمد للہ الذی ..... الخ

اور اس کے ذریعے اللہ تعالےٰ کے پاس کی چیز یعنی

رحمت و بخشش) طلب کرے تو اللہ تعالیٰ اس کے لیے ہزار نیکی لکھتے ہیں اور اس کے ہزار درجے بلند کرتے ہیں اور ستر ہزار فرشتوں کو اس کے لیے قیامت تک استغفار کرنے کے لیے مقرر فرما دیتے ہیں۔

(کنز العمال / ج ۴ صـ۳ / ۱۲۲)

الحمد للحی القیوم
فالله خیر الرازقین

وَاللهُ ذُو الفَضلِ العَظِیمِ

۱۰۴۶۶

یاحیُّ یاقیّوم تقدیر کے تابع نہیں،

تقدیر یاحیُّ یاقیّوم کے تابع ہے

دن میں سو بار بھی بدلے ، بدلے

قدر کا عروج یاحیُّ یاقیّوم کے تابع

یاحیُّ یاقیوم

الحمد للحی القیوم فالله خیر الرازقین

وَاللهُ ذُو الفَضلِ العَظِیمِ

۱۰۳۶۷

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ط

اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ط

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ ط

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الْعَظِیْمِ الْاَعْظَمِ ط

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ

وَلَآ اِلٰهَ غَیْرُكَ ط

کل کائنات یاحیّ یاقیّوم کے روبرو۔

حیات و اقامت کی مظہر۔

بہترین خلق جھکی ہوئی اور سجدہ ریز۔

ہر خلق حیات و اقامت کے انعامات و

اکرامات سے مستفیض۔ یاحیّ یاقیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضْلِ العَظِیْم

اَعُوْذُ بِوَجْهِ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ الَّذِىْ
پناہ لیتا ہوں اللہ کی، اس پُرعظمت ذات کی جس
لَيْسَ شَىْءٌ اَعْظَمُ مِنْهُ وَبِكَلِمَاتِ
سے کوئی شے بڑی نہیں ہے اور اللہ کے ان
اللّٰهِ التَّامَّاتِ الَّتِىْ لَا يُجَاوِزُهُنَّ
کلماتِ کاملہ کی جن سے بچ نہیں سکتا کوئی نیک
بَرٌّ وَّلَا فَاجِرٌ وَّبِاَسْمَآءِ اللّٰهِ
اور نہ کوئی بدکار اور اللہ کے تمام اچھے اچھے
الْحُسْنٰى كُلِّهَا مَا عَلِمْتُ مِنْهَا
ناموں کی جو میں جانتا ہوں ان میں سے اور جو میں نہیں
وَمَالَمْ اَعْلَمْ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ
جانتا اس کی مخلوق کے شر سے جس کو اس نے
وَ بَرَاَ وَ ذَرَاَ ؕ
پیدا کیا اور پھیلایا۔

حضرت قعقاع بن حکیم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ کعب رضی الاحبار (جو یہودیوں کے بڑے عالم تھے پھر مسلمان ہو گئے) نے کہا اگر میں چند کلمات نہ پڑھا کرتا تو یہودی (جادو کرکے) مجھ کو گدھا بنا دیتے۔ لوگوں نے پوچھا وہ کلمات کیا ہیں؟ تو کعب رضی نے کہا: اعوذ بوجه الله ...... الخ

(موطا امام مالک ص۷۲۳ / کتاب العمل بالسنۃ ۱۲۰ ص۹۸۸)

۱۰۴۶۸

یا حیّ یا قیوم ـــــــــــ اسم الاعظم العظیم

مجیر العقول برکات کا نزول

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين

وَاللّٰهُ ذُو الفَضْلِ العَظِيم

۱۰۴۶۹

امراء سیر و سیاحت کے لیے بیرونِ مُلک جاتے،
کوئی نہ کوئی تحفہ لاتے۔ عموماً بیوی یا کُتّا!

یا محیی یا قیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين
وَاللهُ ذُو الفَضْلِ العَظِيمِ

۱۰۴۷۰

چڑی نے انڈے سینے کا چِلّہ کیا،
اپنے جیسی ایک اور چڑی بنالی۔
اہلِ عَملْ اسے چِلّہ کہتے ہیں! یا محیی یا قیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين
وَاللهُ ذُو الفَضْلِ العَظِيمِ

۱۰۴۷۱

فَاِنِّیْ قَرِیْبٌ ط (البقرۃ - ۱۸۶)

سو میں قریب ہی ہوں۔

ہر بندہ اسی باعث پریشان ہے کہ وہ جانتا ہے
مگر مانتا نہیں کہ اللہ قریب تر حاضر و ناظر ہے

یہ تھی تیری منزل جو بھول گیا !
جسے تو نے دُور سمجھا — عین قریب !

یا حی یا قیوم

الحمد للحي القيوم فالله خير الرازقين
وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ

۱۰۴۷۲

سونے کا انتظار نہ کرو۔ جب تھک جاؤ، سو جاؤ۔

کام کرنے والے اسی طرح سویا کرتے ہیں یا حیی یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیمِ

۱۰۴۷۳

سال ہا سال سے چند چیزیں چھوڑنے کی تبلیغ کرتے ہیں، خود کبھی نہیں چھوڑتے!
جو کر نہیں سکتا، "اگر مگر" کا شکار ہوتا ہے۔

*

جس نے کوئی شے ترک کرنی ہوتی ہے، فوراً کر دیتا ہے ــــ "اگر مگر" کی گنجائش نہیں رکھتا۔

یا حیی یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

تم ۱۰۴۷

اندر رہتا ہے مگر پردے میں اِس لیے کہ جس کے
اندر رہتا ہے، وہ اسے مانتا نہیں کہ وہ اندر رہتا
ہے۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

جب کوئی تحریر لکھو

بِسمِ اللہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ
شروع اللہ کے نام سے جو رحم کرنیوالا اور مہربان ہے،

حضرت انس رضی اللہ عنہ، سے روایت ہے کہ
حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب کوئی
تحریر لکھو تو بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے
"سین" کو خوبصورت لکھو یعنی حرف "س" کو
وضاحت سے لکھو، تمہاری حاجات پوری کردی

جائیں گی اور رحمٰن عزوجل خوش ہو جائیں گے۔

اسے دیلمیؒ نے روایت کیا ہے۔

(کنز العمال ج ۵ ص ۲۲۷ شمارہ ۶۹۸ / کتاب العمل بالسنۃ ج ۳ ص ۲)

❋

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

لکھنے کا ثواب:

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جو شخص بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لکھے اور اس "ہ" کو جو لفظ اللہ میں ہے، ٹیڑھا نہ کرے تو اس کے لیے اللہ تعالیٰ دس نیکیاں لکھتے ہیں، دس برائیاں مٹاتے ہیں اور دس درجے بلند کرتے ہیں

جو اعراب کے ساتھ قرآن پڑھے، اس

کے لیے شہید کا ثواب ہے۔

اور

جو سَفر میں فوت ہُوا

شہید فوت ہُوا

(اسے رافعیؒ نے روایت کیا ہے)

(کنز العمال ج ۵ ص ۲۲۸ شمار ۹۹۶ لم / کتاب العمل بالسنۃ ج ۳ ص ۲)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ماشاء اللہ لاقوۃ الا باللہ یاحی یاقیوم اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد
النبی الامی وعلی آلہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الٰہ الا ھو
الحی القیوم واتوب الیہ یاحی یاقیوم

یَا کَاسِیَ الْعِظَامِ

اے ہڈیوں کے جوڑنے والے !

(انتخاب از نزھۃ المجالس ج ۱ صہ ۲۸

کتاب العمل بالسنۃ ج ۴ صہ ۱۶۱)

۱۰۴۷۵

ظاہری و باطنی امراض سے شفاء

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یا حی یا قیوم

الحمد للحی القیوم فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذو الفضل العظیم

۱۰۴۷۶

زہر کا تریاق :

یا حیُّ یا قیُّوم

یا حیُّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۴۷۷

ہر کھیل کا کھلاڑی ضابطے کا پابند ہوتا ہے
جو فری ہوا ـــــ آؤٹ ہوا اور
بالآخر بازی ہار گیا ،

یا حیُّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۴۷۸

داڑھی سنّتِ مؤکدہ ہے.....

حضرت یعقوب علیہ السلام جب بیمار ہوئے، ڈاچی کا دودھ پینا چھوڑ دیا۔ چوہے اُن کی بگڑی ہوئی اُمّت ہے آج بھی اپنے نبیؑ کی اس سنّت کی اتباع میں ڈاچی کے دودھ کے نزدیک تک نہیں پھٹکتے۔ وما علینا الاّ البلاغ

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحيّ القيّوم
فالله خير الرازقين
واللهُ ذُو الفَضلِ العَظيم

۱۰۴۷۹

ذکرِ دوام اور ترکِ تام عینِ رحمت

تیرا دل کبھی غافل نہ ہو، اللہ ہی کے ذِکر میں محو و منہمک رہے

جو مال اللہ تجھے عنایت کرے، اگلے دَم کا انتظار نہ کر، بیٹھے بیٹھے ہی تقسیم کر دے

گویا تو نے ذکرِ دوام اور ترکِ تام کا مقلّد بن کر خانقاہی نظام کو قائم کیا۔

اور یہ میرے اللہ عزوجل و اعظم و اکبر کے فضل و کرم کی بخشش اور میرے آقا روحی فداہ صلے اللہ علیہ وسلم رحمۃ للعالمین کی رحمت، سفارش اور شفاعت پہ موقوف ہے۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحی القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۴۸۰

ایک بہن کے دو بھائی تھے - اس نے ایک رات
خواب میں دیکھا کہ دونوں میں سے ایک پانی میں
ڈوب رہا ہے، دوسرا آگ میں جل رہا ہے -
صُبح اُٹھی - بہت پریشان تھی کسی بُزرگ کے
پاس تعبیر و دُعا کے لیے حاضر ہوئی -
انہوں نے سُن کر تبسم فرمایا اور کہا: تمہیں مبارک
ہو، اللہ نے تمہارے دونوں بھائیوں کو بڑا مرتبہ عنایت
فرمایا کہ ایک عشقِ الٰہی میں ڈوب چکا ہے،
دوسرا سوزِ الٰہی میں جل رہا ہے! ماشاءاللہ!

یا حیی یا قیوم

الحمد للحي القيوم
فاطه خير الرازقين

وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيمِ

۱۰۴۸۱

ذکرِ الٰہی نے کسی ذاکر کو کبھی نہ ڈبویا ،
صحیح سلامت سطح سمندر پر تیرایا

ان کے فراق میں جلنا محبت کا ابدی دستور۔
محبت نے کسی محب پہ آنچ تک نہ آنے دی !

یا حی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

۱۰۴۸۲

چار چیزوں کا شکر یہ ادا کر

۱ : سانس

۲ : توفیق

۳: قوت اور

۴: صحت

یاحیُّ یاقیُّوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضل العظیم

۱۰۴۸۳

سب سے قیمتی

چیز

تیرا اپنا

سانس ہے!

یاحیُّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضل العظیم

لَآ اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ کَمَا ھَلَّلَ اللّٰہُ

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں میں یہ کلمہ توحید اسی طرح پڑھتا ہوں

کُلُّ شَیۡءٍ وَ کَمَا یَجِبُّ اَنۡ

جیسا کہ ہر ایک چیز زبانِ مقال یا لسانِ حال سے پڑھتی ہے اور جیسا کہ اسکی شان کے

یُّھَلَّلَ وَکَمَا یَنۡبَغِیۡ لِکَرِیۡمِ

لائق اور واجب ہے کہ یہ پڑھا جائے اور جیسا کہ اسکی بزرگ ذات اور اسکی

وَجۡھِہٖ وَ عِزِّجَلَالِہٖ ط

عزت و جلال کے مناسب ہے۔

وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ کَمَا حَمِدَ اللّٰہُ

اور میں اللہ کی حمد و ثنا اسی طرح کرتا ہوں جس طرح ہر چیز نے اللہ کی حمد و ثنا

کُلُّ شَیۡءٍ وَّکَمَا یَجِبُّ لِلّٰہِ

کی ہے اور جیسی حمد اس کے لائق اور واجب ہے

اَنۡ یُّحۡمَدَ وَ کَمَا یَنۡبَغِیۡ

اور جیسا کہ اس کی شان، عزت و

لِكَرِيْمِ وَجْهِهٖ وَعِزِّ جَلَالِهٖ

جلال کے قابل ہے اور میں اللہ کی تسبیح اسی طرح

وَسُبْحَانَ اللّٰهِ كَمَا سَبَّحَ اللّٰهَ

کرتا ہوں جیسا کہ ہر ایک چیز نے اس کی تسبیح کی

كُلُّ شَيْءٍ وَكَمَا يُحِبُّ لِلّٰهِ اَنْ

ہے۔ اور جیسا کہ اس کے لیے تسبیح واجب ہے اور جیسا کہ

يُسَبَّحَ وَكَمَا يَنْبَغِيْ لِكَرِيْمِ

اس کی شان، عزت اور بزرگی کے لائق ہے

وَجْهِهٖ وَعِزِّ جَلَالِهٖ وَاللّٰهُ

اور میں اللہ کی ویسی ہی بڑائی کرتا ہوں جیسی ہر چیز نے اسکی

اَكْبَرُ كَمَا كَبَّرَ اللّٰهَ كُلُّ شَيْءٍ

بڑائی بیان کی ہے اور جیسی بڑائی کیا جانا اس کی شان

وَكَمَا يُحِبُّ لِلّٰهِ اَنْ يُّكَبَّرَ

کے شایان ہے اور جیسی بڑائی اس کی

وَكَمَا يَنْبَغِيْ لِكَرِيْمِ وَجْهِهٖ وَ

بزرگ ذات اور اس کی عزت و جلال کے

عِزِّ جَلَالِہٖ ٥
لائق ہے ۔

حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت جبریل علیہ السلام کو ایک دُعا تعلیم فرمائی اور حکم دیا کہ یہ دُعا جناب رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو سکھا دو (اور کہہ دو کہ) جو شخص اس دُعا کو پڑھتا ہے، اللہ تبارک و تعالیٰ اس کے لیے (اعمال کے دفتر میں) ستّر ہزار نیکیاں لکھتا ہے اور ستّر ہزار گناہ اس کے (روزنامچہ سے) مٹا دیتا ہے اور اس کے ستّر ہزار درجے بلند کرتا ہے۔ دُعا یہ ہے:

لا الٰہ الا اللہ .... الخ

نزھۃ المجالس و منتخب النفائس

کتاب العمل بالسنۃ ج ۴ ص ۱۷۵/۱۷۶

۱۰۴۸۴

حضرت ابراہیم ادھم بلخی قدس سرہ العزیز نے ایک رات محل کی چھت پر آہٹ سنی۔

پوچھا "کون"؟

جواب ملا : "میرے اونٹ چوری ہوگئے ہیں، ان کی تلاش میں نکلا ہوں۔"

"محل کی چھت پہ اونٹ کی تلاش کیسی"؟

"اور شاہی محلات میں اللہ کی تلاش کیسی؟"

یہ بات ان کی پیرومرشد بنی۔ یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۴۸۵

مشکوک کا شک کبھی دُور نہیں ہوتا ،

بھانویں سامنے بیٹھ کر دُور کرے۔

شک پڑ جائے تو کبھی دُور نہیں ہوتا، ہر حال میں
مشکوک رہتا ہے۔

جب تک دُور نہیں ہوتا، نہ مطمئن ہو سکتا ہے
نہ مسرور

پہلے شک دُور کر۔
شک سے پاک ـــــ عینِ مومن

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضْلِ العَظِیْم

۱۰۴۸۶

حال کا شکریہ
حال کے کمال کا شکریہ

یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۴۸۷

فَعَّالٌ لِّمَا یُرِیدُ ہ
کر تو رہا ہے، اور کیسے کرے ؟

یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۴۸۸

ہے جسے بھی دیکھا، دین ہی کی اوٹ میں کماتے دیکھا

تیرے آنے سے دین کو کیا فائدہ پہنچا،
اور خلق نے کیا فیض پایا ؟

یا حیی یا قیوم

الحمد للحیّ القیّوم
فالله خیر الرّازقین

وَاللهُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۴۸۹

چوہا شیر کی کھال پہن کر میدان میں اُترا
اللہ اللہ !!

یا حیی یا قیوم

الحمد للحیّ القیّوم
فالله خیر الرّازقین

وَاللهُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۴۹۰

یہ گھر نہیں،
اِدارہ ہے
گھر میں ہر شے
جمع کی جاتی ہے
اِدارہ میں تقسیم!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين
وَاللهُ ذُو الفَضلِ العَظِيم

۱۰۴۹۱

سُنا کچھ اور تھا
دیکھا کچھ اور۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحي القيوم فالله خير الرازقين
وَاللهُ ذُو الفَضلِ العَظِيم

۱۰۴۹۲

ذکرِ الٰہی اور صلوٰۃ و سلام
کی بہ آواز
دم بدم گونج رہی ہے اور
دھوم مچا رہی ہے
تو کیوں نہیں سُنتا؟

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیرالرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضْلِ العَظِیْم

۱۰۴۹۳

ایمان ہی محترم ہے، کوئی اور
محترم نہیں۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیرالرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضْلِ العَظِیْم

۱۰۴۹۴

کسی کی بھی ہم نے نقل نہیں کرنی
اُس کا نہیں کرنی
حال ہی پہ حال لکھنا ہے؟

یا حی یا قیوم

الحمد للحی القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۲۹۵

روز مرتا ہے، روز زندہ بن کر زندگی کا پیغام سُناتا ہے اسے طریقت میں کُن کُناں کا مقام کہتے ہیں!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۰۴۹۶

سجدہ میں محویت ——— قوی الہیکل عمل

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العظیم

۱۰۴۹۷

ایسی زندگی ہی نے زندگی کا استقبال کیا۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العظیم

۱۰۴۹۸

اَلدُّخَانُ

اللہ اللہ! دھواں ہی دھواں!

دھوئیں کے وقت خلق کا کیا حال ہوگا!

یاحیّ یا قیوم برحمتك استغیث

یاحیّ یاقیوم

الحمد للحی القیوم
فالله خیر الرازقین

وَاللهُ ذُوالفَضلِ العظیم

۱۰۴۹۹

تیرا امر ــــــ تیرا ارادہ اور
تیرا ارادہ ــــــ کن فیکون

یاحیّ یاقیوم

الحمد للحی القیوم
فالله خیر الرازقین

وَاللهُ ذُوالفَضلِ العظیم

۱۰۵۰۰

جو کچھ بھی ہے، تیرے روبرو ہے

کوئی بھی شئے او جھل نہیں۔

یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیّوم
فالله خیر الرّازقین

وَاللّٰهُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۵۰۱

درگزر فرمانا تیری عظمت ہے

یاعظیم العفو یاخیر النصیر آمین

یاحیّ یاقیوم
الحمد للحیّ القیّوم
فالله خیر الرّازقین

وَاللّٰهُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۵۰۲

حکیم بے چارہ کسی کی کیا تشخیص کر سکتا ہے،
اَللّٰہ ہی عزیز الحکیم ہے۔ مطمئن رہ!

اللّٰہ ہی شفا بخشنے والا ہے۔ یاحیّ یاقیوم
الحمد للحیّ القیّوم فالله خیر الرازقین

وَاللّٰهُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

وضو کے دوران کی دُعا

اَللّٰھُمَّ غَشِّنَا بِرَحْمَتِکَ

اے اللہ ! ہمیں اپنی رحمت کے ساتھ ڈھانپ

فَاِنَّا نَخْشٰی عَذَابَکَ ط

کیوں کہ ہم تیرے عذاب سے ڈرتے ہیں

اَللّٰھُمَّ لَا تَجْمَعْ بَیْنَ

اے اللہ نہ جمع کرنا ہماری

نَوَاصِیْنَا وَ اَقْدَامِنَاہ

پیشانیوں اور ہمارے قدموں کو

(حسنؒ ۔ کنز العمال / کتاب العمل بالسنۃ ج ۳ ص ۱۲)

۱۰۵۰۳

یہ باتیں ایسی قیمتی ہیں کہ میں انہیں

ضائع کرنا نہیں چاہتا۔ یاحیّ یاقیوم

الحمد للحيّ القيوم
فالله خير الرازقين
والله ذو الفضل العظيم

۱۰۵۰۴

ہم سب کچھ کرتے ہیں، قبر کے عذاب و فتنات کی پروا نہیں کرتے، یہی تو کرنے کی چیز ہے،

یاحیّ یاقیوم

الحمد للحيّ القيوم
فالله خير الرازقين
والله ذو الفضل العظيم

۱۰۵۰۵

فضل و رحمت صرف اور صرف تیرے ہی قبضۂ قدرت میں ہے، کوئی اور اس پہ دسترس نہیں رکھتا۔ یاحیّ یاقیوم

الحمد للحيّ القيوم　فالله خير الرازقين
والله ذو الفضل العظيم

۱۰۵۰۶

کسی نے بتایا کہ وہ ایک مقدمہ میں ماخوذ تھا۔ ایک رات ایک گمنام غیر معروف شہید کی قبر پہ دُعا کے لیے حاضر ہوا۔ "عدالت نے مجھے قید کر دینا ہے" بار بار یہی الفاظ کہتا۔ صبح جب پیش ہوا تو عدالت نے بُلایا۔ پوچھا۔ بتا، تُو رات کو کہاں تھا؟

بولا: ایک شہید کی قبر پہ۔ کہا: اس نے خواب میں مجھ سے کہا اسے معاف کر دو۔

مِسل پڑھی۔ معافی کی گنجائش نہ تھی۔ دوسری رات خواب میں پھر کہا "اسے معاف کر دینا"، پھر مسل پڑھی، کوئی گنجائش نہ پائی۔ تیسری مرتبہ پھر خواب میں یہی حکم دیا۔ بالآخر معافی پہ مجبور ہو کر معاف کر دیا۔ یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرّازقین
وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ

۱۰۵۰۷

تیرا حال، ہی میرے دِل کا چراغ ہے

سال ہا سال گُلز شریف کو تھامے
محو رہنا
نہ کچھ سُننا ، نہ کچھ کہنا
محویت کی حد نہیں تو کیا تھی !!

تیرے جلال کو
نہ دیکھا جاتا ہے ،
نہ سنا !

خاک میں

نورِ جلوہ نما ہو گیا

ایک دلّی میں جاکر

نظامی بنا

ایک کلیر میں

حق پہ فدا ہو گیا!

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحی القیوم فالله خیر الرازقین

وَاللهُ ذُوالفَضْلِ العَظِيْمِ

۱۰۵۰۸

معصومیت کی حد ـــــ بھولا پن

اللہ تبارک و تعالیٰ نے حضرت موسیٰ کلیم اللہ علیہ السلام سے (لاٹھی کی طرف اشارہ کر کے) فرمایا:

وَ مَا تِلْكَ بِيَمِيْنِكَ يٰمُوْسٰى ۝

(اور اے موسیٰ! یہ تیرے دائیں ہاتھ میں کیا ہے؟)

قَالَ هِيَ عَصَايَ ۚ

اَتَوَكَّؤُا عَلَيْهَا

وَ اَهُشُّ بِهَا عَلٰى غَنَمِيْ

وَلِيَ فِيْهَا مَاٰرِبُ اُخْرٰى ۝

(طٰہٰ: ۱۸)

اُنہوں نے کہا :

و۔ یہ میری لاٹھی ہے

و۔ مَیں (کبھی) اس پہ سہارا لگاتا ہوں

و۔ اور (کبھی) اپنی بکریوں کے لیے
پتے جھاڑتا ہوں۔

و۔ اور اس میں میرے اور بھی بہت سے
کام (نکلتے) ہیں

یاحیّ یاقیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين
وَاللّٰهُ ذُو الفَضلِ العَظِيم

۱۰۵۰۹

الٓـمّٓ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الۡحَیُّ الۡقَیُّوۡمُ
وَلَآ اِلٰهَ غَیۡرُكَ کی تشریح
یاحَیُّ یاقَیّوم نے سمجھائی

میرا اپنا نفس ہی غیر ہے، اللہ کرے غیریت سے
پاک ہو۔ اسے کوئی جتنا بھی ذلیل کرے، کم ہے۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضْلِ العَظِیْم

۱۰۵۱۰

جس نے بھی کسی کو دیکھا، تیرے ذکر ہی کی بدولت دیکھا
اور خلق ہی میں دیکھا

گوناگوں خلق ـــــ خالق کی مظہر

یاحیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضْلِ العَظِیْم

۱۰۵۱

جب تک یہ چاروں چیزیں جاتی نہیں،
نُصرتِ الٰہی آتی نہیں۔

و۔ جُھوٹ
و۔ غیبت
و۔ چُغلی
و۔ حسد

بھائیں کچھ بھی نہ پڑھ، پہلے چاروں
چیزیں بند کر، پھر جو چاہے پڑھ!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرّازقین

وَاللہُ ذُو الفَضْلِ العَظِیْم

۱۰۵۱۲

آج تم نے کیسی عمدہ بات بتائی کہ جس گھر میں ذکر کیا جاتا ہے، دوسرا گھر اسکو مُبارک دیتا ہے اور دُعا کرتا ہے کہ اسے بھی ایسی عنایت ہو۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحيّ القيّوم
فالله خير الرّازقين

وَاللهُ ذُو الفَضْلِ العَظِيْم

۱۰۵۱۳

ہر نعمت اللہ دیتا ہے اور راضی شیطان کو کرتا ہے!!
عجب نہیں تو کیا ہے!!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحيّ القيّوم
فالله خير الرّازقين

وَاللهُ ذُو الفَضْلِ العَظِيْم

۱۰۵۱۴

ماپ ہیں اندازے کا کیا مطلب ؟
ماپ کر بتا ۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحيّ القيوم
فالله خير الرازقين

وَاللهُ ذُوالفَضْلِ العَظِيْم

۱۰۵۱۵

ذکر ہی کی بدولت ظاہر و باطن کے
پردے اُٹھے ۔ جو ظاہر ہے وہی باطن،
جو اندر ہے وہی باہر ۔ یا حیّ یا قیوم

اور وہ پردہ ، جو تم چاہتے ہو، کسی کی بھی
کوشش سے کبھی نہیں کھلتا۔ ارادتِ ازلی ہی کے
تحت کھلتا ہے۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحيّ القيوم فالله خير الرازقين

وَاللهُ ذُوالفَضْلِ العَظِيْم

۱۰۵۱۶

وَإِنَّ عَلَيْكُمْ لَحٰفِظِيْنَ ۙ
كِرَامًا كَاتِبِيْنَ ۙ
يَعْلَمُوْنَ مَا تَفْعَلُوْنَ ۝ (الانفطار: ۱۰ تا ۱۲)

ہر بندے پہ دو محافظین کرام موجود رہتے ہیں
اَوَّل
محافظینِ کرام اتنے ہیں کہ جو
ایک بار آتے ہیں،
پھر
اُن کی باری کبھی نہیں آتی!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ

۱۰۵۱۷

یہ نشان کبھی اوجھل نہ ہو

نشان کبھی افسردہ نہیں ہوتا۔

پوری آب و تاب سے جگمگاتا رہتا ہے

باعثِ تخلیقِ کون و مکاں :

اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ط

شاہکارِ تخلیق ـــــ حضرت آدم صفی اللہ علیہ السلام

سُبْحَانَ الْخَالِقِ الْبَارِیْ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِہٖ ط

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذو الفضل العظیم

۱۰۵۱۸

حاضر ہو کر ایک بار کہنا
غفلت میں لاکھ بار کہنے سے بہتر۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فالله خیر الرازقین

وَاللهُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۰۵۱۹

عِلمُ الحدیث کن کن منازل سے گزر کر پھیلا...

کتاب العمل بالسنۃ المعروف ترتیب شریف ج۲ ص ۱۳۲ ملاحظہ ہو۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فالله خیر الرازقین

وَاللهُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۰۵۲۰

ہر کلام استقامت سے فائز المرام

اِستقامت — ہر کلام کی جان۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فالله خیر الرازقین

وَاللهُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۰۵۲

هر خطا کار و گناه گار کو معاف کر دینا
تیری امتیازی شان ۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحی القیوم فالله خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

✲

اَللّٰھُمَّ اعْفُ عَنِّیْ فَاِنَّکَ عَفُوٌّ

اے اللہ! مجھے معاف فرما کیونکہ تو معاف کرنے والا ہے ۔ معاف

تُحِبُّ الْعَفْوَ وَ اَنْتَ عَفُوٌّ کَرِیْمٌ ہ

کرنے کو پسند فرماتا ہے ۔ اور تو بہت معاف کرنیوالا بخشنے والا ہے ۔

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ، سے روایت ہے
کہ ایک نوجوان نے جنابِ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم
کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا:
یا رسول اللہ (صلے اللہ علیہ وسلم) مجھے ایسی دُعا تعلیم فرمائیں
جس سے مجھے بھلائی حاصل ہو۔ آپ نے اسے فرمایا

قریب ہو جا۔ وہ قریب ہو گیا یہانتک قریب کہ
(بوجہ قرب) اس کا گھٹنا جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم
کے گھٹنے سے لگ گیا تو آپؐ نے فرمایا اللّٰھم اسعف ... الخ

(مجمع الزوائد / کتاب العلم بالسنۃ ج ۲ ص ۲۲/۲۳)

۱۰۵۲۲

حق بولا : میں کبھی ناحق نہیں کرتا۔
جو کچھ بھی نہیں کرتا ،
میں بھی اسے کچھ نہیں کہتا۔ ماشاءاللہ !

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیرالرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

۱۰۵۲۳

ہم خاک نشین تیرے سوا کچھ بھی نہیں رکھتے ،

تیری یاد ہی دُنیا و آخرت کا سرمایہ ہے۔

اِنَّکَ رَحِیْمٌ وَّدُوْدٌ وَّاِنَّکَ تَفْعَلُ مَا تُرِیْدُ ط

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحيّ القيّوم فالله خير الرازقين

وَاللّٰهُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِيْمِ

❁

اَللّٰهُمَّ سَأَلْتَنَا مِنْ اَنْفُسِنَا مَا لَا

اے اللہ! آپ نے ہم سے وہ چیز طلب کی ہے جو تیرے ہی

نَمْلِکُہٗ اِلَّا بِکَ ط اَللّٰهُمَّ فَاَعْطِنَا

ہاں سے آتی ہے۔ اے اللہ ہمیں اس میں وہ

مِنْهَا مَا یُرْضِیْکَ عَنَّا ہ

چیز عطا فرما جو تجھے ہم سے راضی کر دے۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ، بیان کرتے ہیں کہ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم یہ دُعا مانگا کرتے تھے۔ اللّٰھم سألتنا...... الخ۔

(کنز العمال، کتاب العمل بالسنۃ ج۲ ص۸ شمارہ نمبر ۱)

اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ سَالَمْتَنَا مِنْ اَنْفُسِنَا

اے اللہ ! بیشک آپ نے ہمیں سلامت رکھا ہمارے نفسوں

مَالَا نَمْلِکُہٗ اِلَّا بِکَ

سے جس کے ہم مالک نہیں مگر تیری مدد سے۔

اَللّٰھُمَّ فَاَعْطِنَا مِنْھَا مَا

اے اللہ ! پس عطا کر ہمیں ہمارے نفسوں سے وہ بات

یُرْضِیْکَ عَنَّا ۞

جو آپ کو ہم سے راضی کر دے۔

اسے ابنِ عساکرؒ نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے۔

(کنز العمال / کتاب العمل بالسنۃ ج ۲ ص ۸۷ شمار ۲)

اَللّٰھُمَّ اِنَّ قُلُوْبَنَا وَجَوَارِحَنَا

اے اللہ! بیشک ہمارے دل اور ہمارے اعضا تیرے

بِیَدِكَ لَمْ تُمَلِّكْنَا مِنْھَا

قبضہ میں ہیں آپ نے ہمیں ان میں سے کسی چیز کا مالک

شَیْئًا فَاِذَا فَعَلْتَ ذٰلِكَ بِھَا

نہیں بنایا۔ پس جب آپ نے ان (اعضا) کے

فَاَنْتَ وَلِیُّھُمَا ۝

ساتھ یہ معاملہ فرمایا ہے تو آپ ہی اس کے مالک ہیں۔

اسے ابو نعیم نے حلیہ میں حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے۔

(کنز العمال / کتاب العمل بالسنۃ۔ ج ۱۴ ص ۸۷/۱۳)

۱۰۵۲۴

تیری رحمت کے تذکرے سُن سُن کر کافر
مومن بننے لگے۔
"اے او کافر ، تو بھی مومن بن !"

"تیرا فضل، تیرا کرم ، مجھکو مومن بننے پر
مجبور کر رہا ہے۔" یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضْلِ العَظِیْم

۱۰۵۲۵

جب ایمان کی لذّت کا جام چکھا،
کُفر سے مُنہ موڑ کر سجدے میں گر پڑا۔
یا حیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضْلِ العَظِیْم

اَللّٰهُمَّ اَشْرِبِ الْاِیْمَانَ قَلْبِیْ

اے اللہ ! میرے دل کو ایمان اس طرح پلادے

کَمَا اَشْرَبْتَهٗ رُوْحِیْ

جیسے تو نے مجھے (میرے جسم میں) روح پلادی ہے

وَلَا تُعَذِّبْ شَیْئًا مِّنْ

اور مجھے میرے بدن میں کسی قسم کا عذاب نہ کر جو

خَلْقِیْ بِشَیْءٍ كَتَبْتَ عَلَیَّ

تو نے میرے لیے لکھ دیا۔ کیونکہ تو

فَاِنَّكَ قَادِرٌ عَلَیَّ ۝

قادر ہے مجھ پر (یعنی اس کے ہٹا دینے پر)

اسے دیلمی نے حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت کیا ہے۔

(کنز العمال / کتاب العمل بالسنۃ۔ ج ۸ ص ۱۲۳)

تَعْوِیْذُ الجُنُوْنِ وَ الْجَذَامِ وَالبرص والعین وَالحمّیٰ

جنون، جذام، برص، نظرِ بد اور بخار وغیرہ کا تعویذ

اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّآمَّۃِ

پناہ لیتا ہوں میں اللہ کے پورے کلمات کے ساتھ

وَاَسْمَآئِہٖ کُلِّھَا عَآمَّۃً مِّنْ

اور اس کے عام تمام ناموں کے ساتھ

شَرِّ السَّآمَّۃِ وَالْھَآمَّۃِ وَمِنْ

موت اور بڑی مصیبت کے شر سے

شَرِّ الْعَیْنِ اللَّآمَّۃِ وَمِنْ شَرِّ

اور نظرِ بد کے شر سے اور حسد کرنے والے

حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ وَمِنْ

کے حسد سے جب وہ حسد کرے اور شیطان

شَرِّ اَبِیْ مُرَّۃَ وَ مَا وَلَدَ ۝
اور اسکی اولاد کے شر سے۔

حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے
کہ حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالےٰ
کے حکم سے یہ کلمات لکھتے ہوئے (بطور تعویذ)
جنون، جذام، برص، نظرِ بد، اور بخار کو فائدہ دیں گے
اعوذ بکلمات اللہ .... الخ۔

(کنز العمال / کتاب العمل بالسنۃ ج ۲ ص ۱۵۹/۶)

ف: اور وغیرہ میں ہر بُری شے شامل ہے

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ
اے اللہ میں تیری پناہ چاہتا ہوں مکار دوست
خَلِیْلٍ مَّاکِرٍ عَیْنَاہُ تَرَیَانِیْ
سے کہ آنکھیں تو اسکی مجھے دیکھتی ہوں

وَقَلْبُهٗ يَرْعَانِيْ اِنْ رَّاٰى

اور دل اس کا چیرے لیتا ہے اگر دیکھ میں بھلائی

حَسَنَةً دَفَنَهَا وَاِنْ رَّاٰى

دیکھے تو اُسے دبا دے اور اگر بُرائی دیکھے تو اُسے

سَيِّئَةً اَذَاعَهَا

فاش کر دے

اسے ابن نجار نے حضرت ابو سعید مصری رضؓ سے

مُرسلًا روایت کیا ہے

(کنز العمال / کتاب العمل بالسنۃ ج ۴ ص ۷)

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَتَّخِذُكَ عِنْدَكَ

اے اللہ میں لیتا ہوں تجھ سے ایک وعدہ

عَهْدًا لَنْ تُخْلِفَنِيْهِ فَاِنَّمَا

کہ ہرگز خلاف نہ کرنا اس کے چونکہ میں ایک بشر ہوں

اَنَا بَشَرٌ فَاَیُّ الْمُؤْمِنِیْنَ

سو جو بھی کسی مومن کو اذیت (تکلیف) دوں

اٰذَیْتُہٗ اَوْ شَتَمْتُہٗ اَوْ لَعَنْتُہٗ

یا اُسے بُرا بھلا کہوں یا اُسے بددعا دوں

اَوْ جَلَدْتُّہٗ فَاجْعَلْہَا لَہٗ زَکٰوۃً

یا اسے ماروں پیٹوں تو کر دینا اِسکو اُس کے حق

وَّ صَلٰوۃً وَّ قُرْبَۃً تُقَرِّبُہٗ

میں پاکیزگی و صدقہ اور رحمت اور ذریعۂ قربت کہ اپنا مقرب

بِہَا اِلَیْکَ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ ؕ

بنائے تو اُسے بوجہ اِس کے، قیامت کے دن۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ و حضرت ابوسعید خدریؓ اِسے روایت کرتے ہیں۔

(مسند احمد/ کتاب العمل بالسنۃ ج ۲ ص ۸۸)

۱۰۵۲۶

ڈرتے نہیں، جو روکے نہیں رُکتے!

یا حیی یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضْلِ العَظِیْم

۱۰۵۲۷

"وہاں کیا لینے جاتے تھے؟"
"وہ بلاتے تھے تو جاتا تھا"

یا حیی یا قیوم
الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضْلِ العَظِیْم

۱۰۵۲۸

راحت کا تحفہ ——— نیند

یا حیی یا قیوم
الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضْلِ العَظِیْم

۱۰۵۲۹

مُردوں کے لیے پیش کردہ تحائف ردّ نہیں ہوتے قبول ہوتے ہیں۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فالله خیر الرازقین

واللهُ ذُو الفَضلِ العَظِیمْ

★ حضرت انس رضؓ سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب کوئی شخص میت کو ایصالِ ثواب کرتا ہے تو حضرت جبریل علیہ السلام اسے نُور کے طباق میں رکھ کر اس کی قبر کے کنارے کھڑے ہوتے ہیں اور کہتے ہیں کہ اے قبر والے! یہ ہدیہ تیرے گھر والوں نے بھیجا ہے، اسے قبول کر۔ یہ سُن کر وہ خوش ہوتا ہے اور اس کے پڑوسی اپنی محرومی پہ غمگین ہوتے ہیں۔ (طبرانی فی الاوسط)

(شرح الصدور بشرح حال الموتیٰ والقبور للامام سیوطیؒ ص ۲۹۰)

★ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضورِ اقدس صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میری اُمّت قبر میں گناہ سمیت داخل ہوگی اور جب نکلے گی تو بے گناہ ہوگی کیونکہ وہ مومنین کی دعاؤں سے بخش دی جاتی ہے۔

(طبرانی فی الاوسط۔ شرح الصدور بشرح حال الموتیٰ والقبور للامام سیوطیؒ ص ۲۸۸)

★ حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضورِ اقدس صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قبر میں مُردہ کا حال ڈوبتے ہوئے انسان کے حال کی مانند ہے کہ وہ شدّت سے انتظار کرتا ہے کہ کوئی رشتہ دار یا دوست اسکی مدد کو پہنچے اور جب کوئی اسکی مدد کو پہنچتا ہے تو وہ اس کے نزدیک دنیا و مافیہا سے بہتر ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ قبر والوں کو اُن کے زندہ متعلقین کی طرف سے ہدیہ کیا ہوا ثواب پہاڑوں کی مانند عطا فرماتا ہے۔ زندوں کا مُردوں کو ہدیہ استغفار ہے (بیہقیؒ فی شعب الایمان۔ دیلمیؒ۔ شرح الصدور ص ۲۸۷)

★ حضرت ابوالقاسم سعد بن علی زنجانی نے "فوائد" میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ، سے روایت کی ہے کہ حضورِ اقدس صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو کوئی قبرستان پر گزرا اور اس نے سورۃ فاتحہ، سورۃ اخلاص اور الھٰکم التکاثر پڑھی پھر یہ دُعا مانگی (ترجمہ) "اے اللہ میں نے جو قرآن پڑھا ہے اس کا ثواب مومن مرد اور عورت دونوں کو دینا" تو وہ قبر والے قیامت کے دن اس کے سفارشی ہوں گے۔ (شرح الصدور بشرح حال الموتیٰ والقبور للامام سیوطیؒ ص ۲۹۳)

★ بخاری و مسلم میں مختلف سندوں سے مروی ہے کہ حضورِ اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کے حکم سے بدر کے مقتول ایک گڑھے میں ڈال دیے گئے تھے۔ پھر آپؐ اس گڑھے کے قریب آکر کھڑے ہوئے اور ان کے نام لے لے کر فرمایا۔ "کیا تم نے اپنے ربّ کے وعدے کو سچا پالیا؟

میں نے تو سچ پالیا“

حضرت عمر رضی اللہ عنہ، نے عرض کی یا رسُول اللہ! صلے اللہ علیہ وسلم! کیا آپ اُن سے خطاب کر رہے ہیں جن کی لاشیں بھی سڑ چکیں؟ آپ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! اس کی قسم جس نے مجھے سچّا رسُول بنا کر بھیجا ہے، میری بات تم بھی ان سے زیادہ نہیں سنتے مگر یہ جواب نہیں دے سکتے۔ (کتاب الروح لابن قیم ص۲۵)

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرّازقین

وَاللہُ ذُوالفَضْلِ العَظِیْمْ

۱۰۵۳۰

کشف الصدور ـــــ اَلَمْ نَشْرَحْ لَکَ صَدْرَکَ

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرّازقین

وَاللہُ ذُوالفَضْلِ العَظِیْمْ

۱۰۵۲۱

ہجرت نے نصرت کا اور
نصرت نے ہجرت کا استقبال کیا۔

یا حیی یا قیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين

وَاللهُ ذُوالفَضْلِ العَظِيْم

۱۰۵۲۲

نہ آگے دیکھ، نہ پیچھے
بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ کہتے چلا چل۔

یا حیی یا قیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين

والله ذُوالفَضْلِ العَظِيْم

۱۰۵۲۳

سینہ مکدّر سے ہے!

اللہ ہی کے فضل و کرم سے سینہ کدورت

سے پاک ہوتا ہے۔

اور یہی سینہ، جب پاک ہو،

عرش کا خزینہ، ماشاء اللہ !

سُبْحَانَ رَبِّیْ ذِی الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ط

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُو الفَضْلِ العَظِیْم

۱۰۵۳۴

تقریر کے موافق عمل محال !

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُو الفَضْلِ العَظِیْم

۱۰۵۳۵

ایمان لا ——— جو کچھ بھی تیرے ساتھ ہوا،
اور ہو رہا ہے
اسی طرح لکھا ہوا تھا
کوئی نئی بات نہیں
کسی کی تقدیر کو بدلنا بھی
لوح و قلم پہ لکھا ہوا ہے
بھانویں بار بار بدلے،
لکھا ہوا پہلے ہی کا ہے۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۵۳۶

تیرا نام منفرد۔
تیرے اعظم و عظیم نام کی برکت سے
کائنات معرضِ وجود میں آکر متحرک ہوئی۔
اندھیرا تھا، روشن ہوئی
وجد کے خمار میں کہاں سے کہاں پہنچی،
نہ وجد معدوم ہُوا نہ خمار
ہر رنگ میں زندہ وقائم

آدمیت ــــــ تن کے،
من کے،
دھن کے،

خمار میں مخمور، یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۵۳۷

جب تک کوئی اللہ کو حاضر و ناظر نہیں جانتا،

ہر شے کا شکار ہوتا ہے۔ جو چاہے، پھانس لے۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين

وَاللّٰهُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِيْمِ

كَيْ نُسَبِّحَكَ كَثِيْرًا ۝ وَنَذْكُرَكَ كَثِيْرًا ۝

طٰہٰ : آیت ۳۳، ۳۴

تاکہ ہم آپ کی بہت تسبیح بیان کریں اور ہم کثرت سے آپ کا ذکر کریں

۱۰۵۳۸

جہاں بھی دیکھا

ایک معاون ہے، ایک مخالف

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحي القيوم فالله خير الرازقين

وَاللّٰهُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِيْمِ

۱۰۵۳۹

ابتلا اللہ ہی کیطرف سے
بندوں پہ وارد ہُوا کرتی ہے
ثابت قدم رہنا — فضلِ عظیم!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضْلِ العَظِیْم

۱۰۵۴۰

مخلوق

خاکی ہو یا آبی
نوری ہو یا ناری
پرند ہو یا چرند
درند ہو یا خزند

حجر ہو یا شجر

جمادات ہو یا نباتات

ذرّہ ذرّہ

پتا پتا

بندے کے ہر حال کا شاہد!

شہادت دیں گے اور

یہ عین موقع کی شہادت ہو گی۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۵۴۱

ارض و سما کا چپّہ چپّہ

ذکر میں مصروف و مشغول یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

صحیح مُسلم شریف کی حدیثِ قُدسی میں ہے کہ میرے بندو!
میں نے اپنے اُوپر ظلم حرام کیا ہُوا ہے اور تم پر بھی حرام
کر دیا ہے پس باہم کوئی کسی پر ظلم وستم نہ کرے۔

میرے بندو!
میں تو صرف تمہارے کیے ہُوئے اعمال ہی کو
گھیرے ہُوئے ہوں۔

بھلائی پاکر میری حمد و ثنا کرو اور اگر اس کے
سوا کچھ اور دیکھو (یعنی اذیت و نُقصان) تو اپنے آپ
ہی کو ملامت کرو۔

تفسیر ابن کثیر اُردو پارہ ۵ص ۱۳ بحوالہ صحیح مسلم شریف

۱۰۵۴۲

خیال جب ذکرِ الٰہی میں محو ہوا
بلند ہوا

محبت ـــــــ ذکرِ الٰہی کی جان

جب وساوس کا شکار ہوا

پست ہوا

پست تر

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحيّ القيوم
فالله خير الرازقين

وَاللهُ ذُوالفَضلِ العَظِيم

۱۰۵۴۳

ریح ـــــــ قبض

ریحان ـــــــ بسط

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحيّ القيوم
فالله خير الرازقين

وَاللهُ ذُوالفَضلِ العَظِيم

۱۰۵۴۴

جب کوئی اللہ کے حکم کو حکمت مان کر اللہ کی راہ میں نکلا، برکات کا نزول ہوا

لکھو کھا تجربات و مشاہدات کے بعد لکھنے پہ مجبور ہیں کہ اللہ کی قدرت کی حکمت عین حکمت پہ مبنی۔ اور جو کچھ کرنا چاہتی ہے، ہو کر رہتا ہے۔ جس نے اسکو مان لیا، **توحید** اسکو مان گئی۔

یا حی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضْلِ العَظِیْم

۱۰۵۴۵

جمیع علوم کا حاصل ——— نکتہ
جسے بھی ملا "ب" ہی کی برکت سے ملا

اگر علم مقصود ہوتا، ہر عالم نکتہ دان ہوتا۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين

وَاللهُ ذُوالفَضْلِ العَظِيْم

۱۰۵۴۶

دُنیا کثرت ہی کی ماری ہوئی ہے۔ ہائے کثرت ہائے کثرت۔ کثرت ہی مطلوب ہے تو ذِکر کی کر۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين

وَاللهُ ذُوالفَضْلِ العَظِيْم

۱۰۵۴۷

مَین پاور ہر طاقت سے وراء الوراء۔

رُستمِ دہر

— MAN POWER

اگر انسانی طاقت کو محفوظ رکھا جائے،
بیہودہ ضائع نہ کیا جائے،
خرد کی ملکہ ہے
یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۵۴۸

توکّل حال پہ وارد ہوتا ہے
اگلے دَم کی کوئی خبر نہیں سُناتا

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۵۴۹

ADOPTION OF HERMITIC LIFE MEANS NIL AND NOTHING.

یا حیُّ یا قیّومُ

الحمد للحيّ القيّوم
فالله خير الرازقين

وَاللهُ ذُو الفَضلِ العظيم

۱۰۵۵۰

منکرات الاخلاق یعنی

جمیع معاصی سے اجتناب : بہترین اخلاق

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فالله خیر الرازقین
وَاللهُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۵۵۱

کثرتِ استغفار شیطان کے سر کو توڑتی اور توبہ اس کے گوشت کو پکاتی ہے۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فالله خیر الرازقین

وَاللهُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

اَللّٰهُمَّ	اے اللہ!
اِنِّیْ اَسْئَلُکَ	میں تجھ سے مانگتا ہوں
بِمُحَمَّدٍ نَّبِیِّکَ	طفیل حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے، جو تیرے نبی ہیں
وَاِبْرٰهِیْمَ خَلِیْلِکَ	اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کے جو تیرے خلیل ہیں
وَمُوْسٰی نَجِیِّکَ	اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کے، جو تیرے کلیم ہیں
وَعِیْسٰی رُوْحِکَ	اور حضرت عیسےٰ علیہ السلام کے،
وَکَلِمَتِکَ	جو روح اللہ اور کلمۃ اللہ ہیں
وَبِکَلَامِ مُوْسٰی	اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کے کلام کے طفیل

وَاِنْجِیْلِ عِیْسٰی	اور حضرت عیسٰے علیہ السلام کی انجیل کے طفیل۔
وَزَبُوْرِ دَاوٗدَ	اور حضرت داؤد علیہ السلام کی زبور کے طفیل
وَفُرْقَانِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ	اور حضرت محمد صلے اللہ علیہ وسلم کے قرآن کے طفیل
وَبِکُلِّ وَحْیٍ اَوْحَیْتَہٗ	اور بہ طفیل ہر وحی کے جسے تُو نے بھیجا
اَوْ قَضَاءٍ قَضَیْتَہٗ	اور بہ واسطہ ہر حکم کے جسکو تُو نے جاری کیا ہو
اَوْ سَآئِلٍ اَعْطَیْتَہٗ	(اور بذریعہ ہر سوال کرنے والے کے جسے تُو نے دیا ہو
اَوْ فَقِیْرٍ اَغْنَیْتَہٗ	اور بہ طفیل ہر محتاج کے جسے تو نے تونگر کیا ہو

اَوْغَنِیٍّ	اور ہر تونگر کے
اَفْقَرْتَهٗ	جسے تو نے محتاج کر دیا ہو
اَوْضَالٍّ	اور ہر گمراہ کے
هَدَيْتَهٗ	جسے تو نے ہدایت کی ہو
وَاَسْئَلُكَ	اور میں تجھ سے سوال کرتا ہوں
بِاسْمِكَ الَّذِیْ	تیرے اس نام کے واسطہ سے
اَنْزَلْتَهٗ عَلٰى مُوْسٰى	جو تُو نے حضرت موسیٰ علیہ السلام
	پہ نازل فرمایا
وَاَسْئَلُكَ	اور میں تجھ سے مانگتا ہوں
بِاسْمِكَ الَّذِیْ	تیرے اس نام کے طفیل
وَضَعْتَهٗ عَلَى الْاَرْضِ	جسے تُو نے زمین پر رکھا
فَاسْتَقَرَّتْ	تو وہ ٹھہر گئی
وَعَلَى السَّمٰوٰتِ	اور آسمانوں پر رکھا

فَاسْتَقَلَّتْ	تو وہ تھم گئے
وَعَلَى الْجِبَالِ	اور پہاڑوں پر رکھا
فَرَسَتْ	تو وہ جم گئے
وَاَسْئَلُكَ	اور میں تجھ سے مانگتا ہوں
بِاسْمِكَ الَّذِي	تیرے اس نام کے طفیل
اسْتَقَرَّ بِهٖ عَرْشُكَ)	جس سے ٹھہرا ہوا ہے تیرا عرش)
وَاَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ	اور میں تجھ سے سوال کرتا ہوں
	تیرے اس نام کے طفیل
الطَّاهِرِ الْمُطَهَّرِ	جو پاک ہے، ستھرا ہے
(اَلْمُنَزَّلِ فِيْ كِتَابِكَ	(جو اتارا گیا ہے تیری کتاب میں
مِنْ لَّدُنْكَ	تیری جناب سے
وَبِاسْمِكَ الَّذِيْ	اور تیرے اس نام کے طفیل
وَضَعْتَهٗ عَلَى النَّهَارِ	جس کو تُو نے دِن پر رکھا

فَاسْتَنَارَ	تو وہ روشن ہوگیا
وَعَلَى اللَّيْلِ	اور رات پر رکھا
فَاظْلَمَ	تو وہ تاریک ہوگئی
وَبِعَظَمَتِكَ	اور طفیل تیری عظمت کے
وَكِبْرِيَائِكَ	اور طفیل تیری کبریائی کے
وَبِنُوْرِ وَجْهِكَ	اور بطفیل تیرے نورِ ذات کے
اَنْ تَرْزُقَنِيَ	کہ تُو مجھے نصیب کرے
الْقُرْاٰنَ الْعَظِيْمَ	قرآنِ عظیم
وَتَخْلِطَهٗ	اور پیوست کردے تُو اسے
بِلَحْمِيْ	میرے گوشت میں
وَدَمِيْ	اور میرے خون میں
وَسَمْعِيْ	اور میری شنوائی میں
وَبَصَرِيْ	اور میری بینائی میں

وَ تَسْتَعْمِلَ بِهٖ	اور اس پہ عامل بنا دے
جَسَدِیْ	میرے جسم کو
بِحَوْلِكَ وَقُوَّتِكَ	اپنی قُدرت اور قوت سے
فَاِنَّهٗ	کیونکہ
لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ	نہیں ہے پھرنا معصیت سے
	اور نہ قوت عبادت کی
اِلَّا بِكَ ۝	مگر تیری ہی توفیق سے

(الحزب الاعظم صـ۱۴۷/۲۱۱ کتاب العمل بالسنۃ جلد ۴ صـ۱۵۲/۳)

۳ قرآنِ عظیم:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝

الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

مٰلِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ ۝

اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ

اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ؕ

اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ۙ

صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ ۙ۬

غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ

وَلَا الضَّآلِّیْنَ ۵ (آمین)

۱۰۵۵۲

الہ آباد کے قریب بمرولی گاؤں ہے۔

کوئی تین چار سو سال کی بات ہے ،

حضرت دھمن شاہ صاحب نے ساری عمر

چڑیوں ہی کو چوگہ کھلانے میں گزاری

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم

فاللہ خیر الرّازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

۱۰۵۵۳

طریقت میں ہاتھ کو بڑا دخل مرتبت حاصل ہے
اور قدرت کی فیاضی ہاتھ ہی کی سخاوت سے
ہوا کرتی ہے۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فالله خیر الرازقین

وَاللهُ ذُوالفَضلِ العَظِیمِ

۱۰۵۵۴

ہاتھ ہی تبدیلیٔ خلط کو محسوس کیا کرتا ہے۔

یا حیّ یا قیوم
الحمد للحی القیوم
فالله خیر الرازقین
وَاللهُ ذُوالفَضلِ العَظِیمِ

۱۰۵۵۵

کُن کُناں ــــــــ کلیدِ نہاں

مستور پردوں میں محجوب یا حیّ یا قیوم
الحمد للحی القیوم فالله خیر الرازقین
وَاللهُ ذُوالفَضلِ العَظِیمِ

۱۰۵۵۶

من کا ایک دریا الٰہی قدرت کی حکمت سے خشک ہوگیا البتہ چھوٹی چھوٹی نالیاں اس دریا میں گرتی رہیں اور گِٹّے گِٹّے پانی چلتا رہا.......... حتّٰی کہ دریا کی روانی دوبارہ شروع ہوئی اور تیز رو پانی سیلاب کی طرح اُمڈ آیا، ماشاءاللہ! یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضْلِ العَظِیْم

۱۰۵۵۷

شرافت ____ بنفسہٖ عزّت اور عزّت ہی شرافت کی جان۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضْلِ العَظِیْم

۱۰۵۵۸

شہیدوں کی نو قسمیں ہیں، اور یہ اللہ تعالیٰ کا اُمّتِ محمدیہ صلے اللہ علیہ وسلم پر خاص فضل ہے کہ اِس اُمّت میں شہیدوں کی تعداد زیادہ کرنے کے لیے اللہ کے رستے میں کفّار سے جہاد کی صُورت میں شہید ہونے والوں کے علاوہ بھی شہادت کی صُورت پیدا فرمائی ہے چنانچہ ان دوسری صُورتوں میں مرنے والوں کو بھی شہادت کا ثواب ملتا ہے۔ جیسا کہ احادیث میں وارد ہے۔

- حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضورِ اقدس صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اپنے مال کی حفاظت میں (چوروں، ڈاکوؤں کے ہاتھوں) قتل ہو جائے، وہ شہید ہے۔

(معجم الکبیر طبرانی ج ۱ ص ۳۰۲ تا ۳۰۳)

و۔ حضرت جابر بن عتیک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اللہ کے رستے میں قتل ہو جانے والے شخص کے علاوہ شہید سات اقسام پر ہیں یعنی :۔

۱ : جو شخص طاعون اور وبا میں مرے شہید ہے۔

۲ : جو پانی میں ڈوب کر مرے، شہید ہے

۳ : جو ذات الجنب (نمونیہ کی بیماری) میں مرے، شہید ہے

۴ : جو پیٹ کی بیماری میں مرے، شہید ہے۔

۵ : جو آگ میں جل کر مرے، شہید ہے۔

۶ : جو عمارت کے نیچے دب کر مرے، شہید ہے۔

۷ : جو عورت زچگی کی حالت میں مرے، شہید ہے۔

(مالک۔ ابو داؤد۔ نسائی / مشکوٰۃ شریف ج ۱ ص ۲۷۵ شمار ۱۴۶۴)

و۔ حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضورِ اقدس ﷺ

نے فرمایا ہے جو شخص دین کی حفاظت میں مارا جائے

شہید ہے اور جو شخص اپنی جان کی حفاظت میں مارا جائے

وہ بھی شہید ہے اور جو شخص اپنے مال کی حفاظت میں مارا

جائے وہ بھی شہید ہے اور جو شخص اپنے گھر والوں کی

حفاظت میں مارا جائے وہ بھی شہید ہے۔

(ترمذی۔ ابی داؤد۔ نسائی / مشکوٰۃ شریف ج دوم صفحہ ۲۴ شمار ۳۲۵)

و۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور اقدس

صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم شہید کس کو مانتے ہو؟۔

صحابہؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم! جو شخص

اللہ کی راہ میں مارا جائے وہ شہید ہے۔

آپ نے فرمایا اس صورت میں تو میری اُمّت کے اندر شہیدوں

کی تعداد بہت تھوڑی رہ جائے گی۔

(آگاہ ہو جاؤ کہ) جو شخص اللہ کی راہ میں مارا جائے شہید

ہے اور جو شخص اللہ کی راہ میں (اپنی موت) مرے شہید
ہے اور جو شخص طاعون میں مرے شہید ہے اور شخص پیٹ
کی بیماری میں مرے، شہید ہے۔

(مسلم / مشکوٰۃ شریف ج دوم صفحہ شمار ۳۶۲۰)

۱۰۵۵۹

اسیران کے لیے دعوت
مُردوں کے لیے استغفار
بہترین اعمال

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُو الفَضْلِ العَظِیْم

۱۰۵۶۰

تیرے دین (کی تبلیغ) کی

دیوانگی ، اللہ اللہ ماشاءاللہ !
مبارکاً مکرماً مشرفاً

یاحی یاقیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیرالرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظیم

۱۰۵۶۱

عمل کی استقامت بہترین عظمت

یاحی یاقیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیرالرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظیم

۱۰۵۶۲

ہوتا ہوگا ، دیکھا نہیں جو
لاالٰہ غیر کا عارف ہو یاحی یاقیوم

الحمد للحی القیوم فاللہ خیرالرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظیم

۱۰۵۶۳

حضورِ اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کی سنّتِ مطہرہ کی اتباع منبع کا کمال ہے۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فالله خیر الرازقین

وَاللهُ ذُو الفَضْلِ العَظِیم

۱۰۵۶۴

تیرے عمل کا معیار تیرے علم کے مطابق ہو۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فالله خیر الرازقین

وَاللهُ ذُو الفَضْلِ العَظِیم

۱۰۵۶۵

جذب و سلوک کی ہر منزل

عاطفت ہی کے سایہ تلے پروان چڑھی

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم

فالله خیر الرازقین

وَاللهُ ذُو الفَضْلِ العَظِیم

۱۰۵۶۶

شیخیّت کی صحبت نو بہ نو اجتہادات کا موجب ہے۔ یا حیی یا قیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين
وَاللهُ ذُو الفَضْلِ العَظِيمِ

۱۰۵۶۷

گناہ بُری چیز ہے لیکن بڑی چیز ہے
گناہ نہ ہوتے، تو تیری
مغفرت
کس کام آتی؟

یا حیی یا قیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين
وَاللهُ ذُو الفَضْلِ العَظِيمِ

۱۰۵۶۸

استغفار کی نُوری لَکا جب کسی خوش نصیب کو پالیتی ہے، پھر کبھی نہیں اُترتی ! اور ہ تائب ہی تائب کو سمجھا سکتا ہے، کوئی دُوسرا نہیں !

یا حیی یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضْلِ العَظِیْم

۱۰۵۶۹

جذب کی آمیزش سلوک کی جان۔ جس نے بھی پایا، جذب ہی کے حال میں پایا۔

یا حیی یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضْلِ العَظِیْم

۱۰۵۷۰

سُلوک ــــ پندونصائح
جذب ــــ عِندالمُراد

یا حیّ یاقیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیرالرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضل العظیم

۱۰۵۷۱

دین کے لیے آئے تھے، دُنیا کما گئے!
کہاں ہے وہ دُنیا جس کے لیے آخرت کو بھول گئے؟
ایسے محو ہوئے کہ بس بھول ہی گئے!
اَستَغفِرُاللہَ العظیم وَاَتُوبُ اِلَیہ یا حیّ یاقیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیرالرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضل العظیم

۱۰۵۷۲

ایک نے اپنا حال بیان کرتے
ہوئے بتایا کہ
جب اسکی مرمّت ہونے لگی،
کوئی حیلہ یاد نہ آیا!
تھرّا کر بولا:

اَغِثْنِیْ رَسُوْلَ اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم

یہ کہنے ہی کی دیر تھی کہ حال بدل گیا، ماشاءاللہ!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضْلِ العَظِیْم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ
گواہی دیتا ہوں میں کہ کوئی معبود نہیں مگر اللہ
وَ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا
اور گواہی دیتا ہوں میں کہ حضرت محمد صلے اللہ علیہ وسلم
عَبْدُهٗ وَ رَسُوْلُهٗ ○
اس کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔

حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہٗ روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سُنا ہے کہ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ میری امت میں سے ایک ایسے شخص کو الگ کرے گا جس پر اس کے گناہوں سے بھرے ننانوے دفتر کھول دیے جائیں گے اور ہر ایک کی لمبائی حدِّ نظر تک ہو گی۔ پھر اللہ تعالیٰ اس سے فرمائے گا کیا تُو ان میں سے کسی کا انکار کرتا ہے اور کیا میرے مقرر کیے

ہوئے نگرانوں (یعنی اعمال لکھنے والے فرشتوں) نے
تجھ پر کوئی ظلم کیا ہے؟ وہ عرض کرے گا نہیں (انہوں
نے وہی لکھا ہے جو مَیں نے کیا) پھر اللہ تعالیٰ فرمائے گا
کیا تیرے پاس کوئی عُذر ہے؟ وہ کہے گا: نہیں اے
میرے رَبّ۔ تب پروردگارِ عالم فرمائے گا ہاں ہمارے
پاس تیری ایک نیکی لکھی ہوئی ہے جس کی وجہ سے آج تیرے
اوپر کوئی ظلم نہ ہوگا۔ اس وقت ایک پرچہ کاغذ کا نکالا
جائیگا جس پر اشہد ان .... الخ لکھا ہوگا۔ اللہ تبارک و
تعالیٰ اس سے فرمائے گا اپنی میزان کے پاس آکر کھڑا ہو۔
وہ عرض کرے گا اے میرے پروردگار! ننانوے دفتروں
کے مقابلہ میں، جو گناہوں سے پُر ہیں، اس ایک پرچہ کی
کیا حقیقت ہے؟ اللہ تعالیٰ فرمائے گا تیرے اوپر ظلم نہیں
کیا جائیگا۔ حضورِ اقدس صلے اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

اس کے بعد وہ پرچہ میزان کے ایک پلڑے میں اور دوسرے
تمام دفتر دوسرے پلڑے میں رکھے جائیں گے۔ تو یہ پرچے
والا پلڑا دفتروں والے پلڑے سے بھاری ہوگا اور وہ سب
مل کر بھی اس کے مقابلے میں ہلکے ہوں گے کیونکہ اللہ تعالےٰ
عزّ وجل ذوالجلال والاکرام کے نام کے مقابلے میں کوئی
چیز گراں نہیں ہو سکتی۔

جامع ترمذی ج ۲ ص ۸۸

مستدرک حاکم جلد ۱ ص ۶

کتاب العمل بالسنۃ ج ۱ ص ۹۱۵/۶

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَللّٰھُمَّ اِنْ تَغْفِرْ تَغْفِرْ جَمًّا
اے اللہ اگر آپ بخشیں تو آپ بہت بخشش فرماتے ہیں
وَاَیُّ عَبْدٍ لَّکَ لَا اَلَمَّا ط
اور آپ کا کون سا بندہ گناہ گار نہیں ہے !

حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہما سے ان لوگوں کے بارے میں روایت ہے جو گناہِ کبیرہ اور بے حیائیوں سے بچتے ہیں وہ کہتے ہیں کہ ایک فاحش آدمی آیا پھر اس نے گناہ سے توبہ کرلی ۔ وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللّٰھم ان ..... الخ

(مستدرک حاکم / کتاب العلم بالسنۃ ۔ ج ۲ ص ۶۲)

۱۰۵۷۳

تائبؒ

کبھی ستارہ

کبھی سیارہ

کبھی نشہ نشین

کبھی گرد آلود آوارہ

ہر حال میں قائم الدائم - یاحیُّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضْلِ العَظِیْم

۱۰۵۷۴

جہادِ اکبرؒ:

حضرت جابر رضی اللہ عنہٗ سے روایت ہے کہ

حضورِ اقدس صلے اللہ علیہ وسلم ایک غزوہ سے واپس تشریف

لائے تو آپ صلے اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرامؓ سے فرمایا

تم خیرو عافیت سے واپس آئے ہو۔ تم جہادِ اصغر سے

جہادِ اکبر کی طرف واپس لوٹے ہو۔

صحابہ کرامؓ نے پوچھا: اے اللہ کے رسول صلے اللہ علیہ وسلم!

جہادِ اکبر کیا ہے؟ آپ صلے اللہ علیہ وسلم

نے فرمایا: بندے کا اپنے نفس سے جہاد کرنا

جہادِ اکبر ہے۔ (تاریخ بغداد للخطیب البغدادی ج ۱۳ ص ۴۹۳)

جب بھی جہادِ اکبر کا بگل بجا

حسد ساتھ آیا۔

رحمت ——— حسد پہ حاوی

عرش پہ ندائے حق

فرش پہ ندامت

یا حیی یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم   فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۰۵۷۵

کسی بندے کے گنہ گار بننے کے لیے صرف غیبت کافی ہے۔ یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم فالله خیر الرازقین

وَاللهُ ذُوالفَضْلِ العَظِیْم

اَللّٰهُمَّ — اے اللہ

یَا مُوْنِسَ — اے غمخوار

کُلِّ وَحِیْدٍ — ہر بے سہارا کے

وَّ یَا صَاحِبَ — اور اے ساتھی

کُلِّ فَرِیْدٍ — ہر بے کس کے

وَّ یَا قَرِیْبًا — اور اے (وہ ذات جو)

نزدیک (ہے)

غَيْرُ بَعِيْدٍ — نہ کہ دُور

وَّ يَا غَالِبَ — اور اے (وہ ذات جو ہر کسی پر) غالب (ہے)

غَيْرُ مَغْلُوْبٍ — نہ کہ مغلوب

يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ — اے حیّ اے قیّوم

يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ط — اے عزّت اور بزرگی والے

حضرت انس بیان کرتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم یہ دُعا پڑھا کرتے تھے اللّٰھم یا مونس ...... الخ۔

اسے دیلمیؒ نے روایت کیا ہے۔

(کنز العمال / کتاب العمل بالسنۃ ج۲ ص۲۳)

۱۰۵۷۶

تیری ارادت کُن فَیکُون کا مقام رکھتی ہے۔ ہو کر رہتی ہے۔ اپنا اثر برقرار رکھتی ہے! کبھی نہیں مٹتی۔

یا حیی یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۵۷۷

اِقتباساتِ قصص المحسنین

ختم الرسلؐ نبی فرمایا قید ہوندی پنج سالی
ساقی پاس نہ جا کر ہند ا یوسفؑ پاک سوالی

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فالله خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

❀

اَللّٰھُمَّ اِنِّی ضَعِیفٌ — اے اللہ میں کمزور ہوں
فَقَوِّنِی رِضَاکَ — پس قوّت عطا فرما اپنی رضا کے حصول میں
ضُعفِی — میری کمزوری کو
وَ خُذْلِی اِلَی الخَیرِ — اور پکڑ کر لے جا بھلائی کیطرف

بِنَا صِبَیتی	مجھے میری چوٹی سے
وَاجْعَلِ الْاِسْلَامَ	اور بنا دے اسلام کو
مُنْتَہٰی رِضَائِیْ ط	میری پسند کی انتہا
اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ ضَعِیْفٌ	اے اللہ میں کمزور ہوں
فَقَوِّنِیْ	پس تو مجھے قوت عطا فرما
وَاِنِّیْ ذَلِیْلٌ	اور میں ذِلّت میں ہوں
فَاَعِزَّنِیْ	پس تو مجھے عزت عطا فرما
وَاِنِّیْ فَقِیْرٌ	اور میں محتاج ہوں
فَارْزُقْنِیْ ٥	پس تو مجھے رزق عنایت فرما

حضرت بریدہ اسلمی رضی اللہ عنہٗ سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ان کلمات کے ساتھ دُعا مانگا کرو

اللّٰھم انی ...... الخ

(المستدرک للحاکم / کتاب العمل بالسنۃ ج ۴ ص ۸۲)

۱۰۵۷۸

برادرانِ طریقت !

نہ کسی کی کرتے ہیں

نہ سُنتے ،

اپنے ہی کام میں محو رہتے ہیں۔

اللہ آپ کو بھی ایسا کرنے کی توفیق بخشے۔

بین الاقوامی مُبلّغ کا بہترین اخلاق :

ہر مُسلمان بھائی کو اپنے سے بہتر جانے۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُو الفَضْلِ العَظِیْم

حضرت انس رضی اللہ عنہ، سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اُمّی لوگوں کو ایسی چیزیں معاف کر دے گا جو علما کو معاف نہ کرے گا۔

(کنز العمال / کتاب العمل بالسنۃ ج ۱ صفحہ ۱۵۰)

حضرت علی المرتضےٰ کرم اللہ وجہہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، باطن کا علم اللہ تعالیٰ کے رازوں میں سے ایک راز ہے اور اللہ تعالیٰ کے حکموں میں سے ایک حکم ہے۔ وہ اپنے بندوں میں سے جس کے دل میں چاہے، ڈال دے۔

(کنز العمال / کتاب العمل بالسنۃ ج ۱ صفحہ ۱۵۴)

حضرت معاذ رضی اللہ عنہٗ سے روایت ہے کہ جناب رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب بدعات ظاہر ہو جائیں اور اِس اُمّت کے پچھلے لوگ پہلے لوگوں کو بُرا کہیں اور لعنت کریں تو اس وقت جس کے پاس دینی علم ہو تو وہ اس کی نشر و اشاعت کرے اس لیے کہ علم کو چُھپانے والا اُس دن ایسا ہے جیسے کہ قرآنِ پاک کو چُھپائے جس کو اللہ تعالیٰ نے حضرت محمدؐ صلے اللہ علیہ وسلم پر نازل کیا ہے۔

(کنز العمال / کتاب العلم بالسنۃ ج ۱ ص ۱۸۵)

۱۰۵۷۹

کان کھول کر پڑھ :

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ افْتَحْ	اے اللہ، کھول دے
مَسَامِعَ قَلْبِيْ	میرے دل کے کان
لِذِكْرِكَ	اپنے ذکر کے لیے
وَارْزُقْنِيْ	اور نصیب کر مجھے
طَاعَتَكَ	اپنی فرماں برداری
وَطَاعَةَ رَسُوْلِكَ	اور فرماں برداری اپنے رسول صلے اللہ علیہ وسلم کی
وَعَمَلاً بِكِتَابِكَ ٥	اور عمل اپنی کتاب پر

اسے طبرانی نے اوسط میں حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ سے روایت کیا ہے۔ (کنز العمال / کتاب العمل بالسنة جرہم ص۳۷)

یا حی یا قیوم

الحمد للحی القیوم فالله خیر الرازقین

وَاللّٰهُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِيْم

۱۰۵۸۰

کالا رنگ ہر رنگ کو چھپا لیتا ہے

یا حی یا قیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين

وَاللّٰهُ ذُو الفَضْلِ العظِيم

۱۰۵۸۱

جگنو ــــــ اندھیرے کا چراغ

یا حی یا قیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين

وَاللّٰهُ ذُو الفَضْلِ العظِيم

وَاَمَّا السَّآئِلَ فَلَا تَنْهَرْ ۝ (الضحیٰ ۱۰)

اور سائل کو مت جھڑک،

۱۰۵۸۴

کیسی کیسی مخلوق کیسے کیسے مقامات پہ رہن بسر کرتی ہے

کوئی سمندر کی تہ میں

کوئی پہاڑ کی کھوہ میں

کوئی بحرِ منجمد شمالی میں

کوئی جنوبی میں

کوئی خُشکی میں

کوئی تری میں

ہر مخلوق زبانِ حال سے ذکر میں محو۔

کوئی بھی مُنکر نہیں

یاحی یاقیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضْلِ العظیم

۱۰۵۸۳

موجودہ علم کی بدولت مطلوبہ علم کی عنایت

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۰۵۸۴

دل پسند چڑی چوگ : سوانگ
کوّے کو ناپسند

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۰۵۸۵

اللہؐ سے چند چیزیں مانگو!

ھدایت

فضل

رحمت

برکات

بَسط

عافیت

مغفرت

یاحیّ یا قیوم

الحمد للحيّ القيّوم
فالله خيرالرّازقين

وَاللهُ ذُوالفَضلِ العَظِيم

۱۰۵۸۶

COMPANION —— ?

IS HE A PARADISE

OR

LIKE A HELL ?

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیّوم
فالله خیر الرازقین

وَاللهُ ذُو الفَضلِ العَظِیمِ

اُمّ المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے وہ فرماتی ہیں کہ حضرت حسین بن علی رضی اللہ عنہما حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے جبکہ آپ پر وحی نازل ہو رہی تھی۔ وہ حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کے قریب آ کر آپ کے کندھے پر سوار ہو کر پیٹھ سے کھیلنے لگے۔ حضرت جبریل علیہ السلام نے عرض کیا یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم! آپ ان سے محبت رکھتے ہیں؟ آپ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے جبریلؑ! کیا وجہ ہے کہ میں اپنے بیٹے سے محبت نہ کروں؟ پھر جبریلؑ نے کہا آپؐ کے بعد آپؐ کی امت عنقریب انہیں قتل کر دے گی اس کے بعد جبریلؑ نے اپنا ہاتھ بڑھایا اور سفید رنگ کی مٹی

لے آئے اور کہا یا محمدؐ صلے اللہ علیہ وسلم ! آپ کا بیٹا
اِس زمین پر قتل ہوگا اور اس کا نام طَفّ ہے
(طَفّ الفرات ارضِ کربلا کا پہلا نام ہے بعد میں کربلا مشہور
ہُوا) پھر حضرت جبریلؑ آپ صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت
سے چلے گئے تو حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم باہر نکلے
اور مٹّی آپکے ہاتھ میں تھی اور آپ رو رہے تھے آپ صلے اللہ
علیہ وسلم نے فرمایا اے عائشہ رضؓ ! جبریلؑ نے مجھے خبر دی ہے
کہ میرا بیٹا حسین رضؓ طَفّ کی زمین میں قتل ہوگا اور میری
اُمّت میرے بعد عنقریب فتنے میں مُبتلا ہو جائے گی
پھر آپ صلے اللہ علیہ وسلم اپنے صحابہؓ کے پاس
تشریف لے گئے ان میں حضرت علی، حضرت ابوبکر
حضرت عمر، حضرت حذیفہ، حضرت عمّار اور حضرت ابوذر
رضی اللہ عنہم موجود تھے اور آپ رو رہے تھے۔ صحابہ رضؓ

نے عرض کیا یارسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم!
کس چیز نے آپؐ کو رُلایا ہے ؟

آپ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا!
جبریلؑ نے مجھے خبر دی ہے کہ میرا بیٹا
حُسینؑ میرے بعد طفؔ کی زمین میں قتل کیا
جائے گا اور جبریلؑ اس جگہ کی مٹّی میرے
پاس لائے ہیں اور مجھے خبر دی ہے کہ اِس (زمین)
میں اس کی (حضرت حسینؑ کی) قبر ہو گی۔

معجم الکبیر للطبرانی

الجزء الثالث ص۱۰۷ شمار ۲۸۱۴

حضرت اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضرت حسنؓ اور حسینؓ دونوں میرے گھر میں جنابِ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے سامنے کھیل رہے تھے کہ جبریلؑ نازل ہوئے اور کہا اے محمد صلے اللہ علیہ وسلم ! بیشک آپ کی اُمّت آپکے بعد آپؐ کے اِس بیٹے کو قتل کر دے گی اور ہاتھ سے حضرت حُسین رضی اللہ عنہ کی جانب اشارہ کیا (یہ سُنکر) حُضورِ اقدس صلے اللہ علیہ وسلم رونے لگے اور حضرت حسینؓ کو اپنے سینے سے لگا لیا۔ پھر آپؐ نے حضرت اُمّ سلمہؓ کو (وہ مٹی دی جو جبریلؑ نے آپکو دی تھی اور) فرمایا یہ مٹی تیرے پاس امانت ہے۔ پھر حضورِ اقدس صلے اللہ علیہ وسلم نے اس مٹی کو سونگھا اور فرمایا افسوس کرب و بلا (سختی و مصیبت)۔ حضرت ام سلمہؓ فرماتی ہیں کہ آپ ﷺ

نے فرمایا اے اُمِّ سلمہؓ! جب یہ مٹی خون سے تبدیل ہو جائے تو جان لینا کہ میرے بیٹے کو قتل کر دیا گیا ہے پھر حضرت امِّ سلمہؓ نے اس مٹی کو ایک شیشی میں محفوظ کر لیا اور روزانہ اسے دیکھتی رہتیں اور فرماتیں جس روز یہ مٹی خون میں تبدیل ہو جائے گی وہ بڑا عظیم دن ہو گا

(معجم الکبیر للطبرانی الجزء الثالث ص۱۰۸ شمار ۲۸۱۷)

محمد بن حسن سے روایت ہے کہ جب عمرو بن سعد حضرت حسین رضی اللہ عنہ، کے پاس آیا اور (گفتگو کے بعد) انہیں یقین ہو گیا کہ یہ مجھ سے جنگ کریں گے (اور قتل کر دیں گے) تو آپؓ نے اپنے ساتھیوں میں کھڑے ہو کر خطبہ دیا اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا کے بعد آپؓ نے فرمایا:

آپ لوگ دیکھ رہے ہیں کہ کس قدر سخت معاملہ درپیش ہے، دُنیا کیسے بدل گئی ہے اور مُنہ موڑ گئی ہے

اور اس نے حُسنِ سُلوک کی بجائے پیٹھ پھیر لی ہے۔

اور اسی روش پر چل رہی ہے۔ یہاں تک کہ نیکی سے صرف اتنا ہی کچھ باقی رہ گیا ہے جتنا کہ برتن میں تھوڑی سی تلچھٹ۔ زندگی بے وقعت ہو کر رہ گئی ہے اس اونٹ کی طرح جو مضرِ صحت چراگاہ میں زندگی کے دن پُورے کر رہا ہو۔

کیا تم نہیں دیکھتے کہ حق پر عمل نہیں ہو رہا اور باطل سے منع نہیں کیا جا رہا؟ ایسی حالت میں تو مومن کو اللہ کے پاس ہی چلے جانا چاہیئے۔ اور میں (راہِ حق میں) موت کو سعادت سمجھتا ہوں اور ظالموں کے ساتھ رہنا رسوائی ہے اور حضرت امام حسینؓ وادئ کربلا کے مقام طفؔ میں عاشورا کے دن ۶۱ھ میں شہید کر دیے گئے اس وقت آپ ریشم اور اون کا بنا ہوا سیاہی مائل جبہ زیبِ تن کیے ہوئے تھے اور آپ نے سیاہ خضاب لگایا ہوا تھا اور آپ کی عمر چھپن سال تھی۔ (مجمع الکبیر للطبرانی ج ۳ ص ۱۱۴/۵ شمار ۲۸۴۲)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ	اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں
مِنْ كُلِّ خَيْرٍ	ہر اُس بھلائی کا
خَزَآئِنُهٗ بِيَدِكَ	جس کے خزانے تیرے دستِ قدرت میں ہیں
وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ	اور تیری پناہ مانگتا ہوں ہر
كُلِّ شَرٍّ خَزَآئِنُهٗ	اُس شر سے جس کے خزانے
بِيَدِكَ ؕ	تیرے دستِ قدرت میں ہیں

(عبد اللہ بن مسعودؓ / المستدرک للحاکم۔ کتاب الحمل

بالسنۃ جلد ۴ ص۷۸-۷۷)

بھانویں سامنے بیٹھ کر دُور کرے۔

شک پڑ جائے تو کبھی دُور نہیں ہوتا، ہر حال میں مشکوک رہتا ہے۔

جب تک دُور نہیں ہوتا، نہ مطمئن ہو سکتا ہے نہ مسرور

پہلے شک دُور کر۔
شک سے پاک —— عینِ مومن

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحيّ القيّوم
فالله خير الرّازقين

وَاللهُ ذُو الفَضْلِ العَظِيْمِ

اَوْر

آخرت کسے کہتے ہیں؟ یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحيّ القيّوم
فالله خير الرازقين

وَاللّٰهُ ذُوالفَضْلِ العَظِيْمِ

۱۰۵۸۸

اِخلاص کی تشریح

اخلاص میں ماسِوا سے کوئی غرض و غایت نہیں ہوتی،
اپنا عملی نمونہ ہی مخلص کہلانے کا حقدار ہوتا ہے۔

جس بھی حال میں رکھے، اِعتراض کا نام تک نہیں ہوتا۔
مَن وعَن تسلیم کر کے فارغ ہو جاتے ہیں۔

اِس قِسم کے اخلاص میں کوئی بھی شئے دخل نہیں ہوتی

اِخلاص کا ورود بِلا تمیز ہوتا ہے اور جو عمل بھی کیا جاتا ہے، مخلوق کی صلاح و فلاح کا موجب۔

اِخلاص سو بار آگ کی بھٹّی میں جلا۔ جل جل کر کُندن بنا۔ اِصطلاح میں اسے شہود کا اِخلاص کہتے ہیں

بندہ، بھٹّی کی ایک تاب کا متحمّل نہیں۔

شہُود کا رنگ ابدی ہوتا ہے، ہر رنگ میں سرمدی،

پتّے پتّے، ذرّے ذرّے میں شہود کا رنگ پوری آب و تاب سے جگمگاتا، دَہکتا اور مہکتا رہتا ہے۔

نہ افسردہ ہوتا ہے نہ پژمردہ

بالآخر، اخلاص میں کسی بھی قسم کی کوئی ملاوٹ نہیں ہوتی، ہر شے سے مبرّا ہوتا ہے۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحيّ القيوم
فالله خير الرازقين
والله ذو الفضل العظيم

۱۰۵۸۹

بعض مقامات پہ رجال الغیب متعین ہوتے ہیں اور ان مقامات کی زینت ہوتے ہیں۔

الحمد للحيّ القيوم
فالله خير الرازقين
والله ذو الفضل العظيم

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تبارک و تعالیٰ نے زمین و آسمان پیدا کرنے سے پچاس ہزار سال پہلے مخلوقات کی تقدیریں لکھ دیں اور اس وقت اس کا عرش پانی پر تھا۔

(مسلمؒ/مشکوٰۃ شریف ج ۱ صفحہ ۷ شمار ۷۱)

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے سب سے پہلے جو چیز پیدا کی وہ قلم ہے۔
اُسے حکم دیا کہ لکھ۔ (قلم نے) عرض کیا

(اے باری تعالیٰ!) کیا لکھوں؟

فرمایا! تقدیر۔

پس اس نے لکھ دی ہر وہ چیز جو کہ ہو چکی تھی

اور ہر وہ چیز جو آئندہ ہونے والی تھی۔

(ترمذیؒ نے کہا یہ حدیث غریب ہے)

(ترمذی / مشکوٰۃ شریف ج ۱ ص ۲۳ نمبر ۸۶)

۱۰۵۹۰

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْتَخِیْرُكَ — اے اللہ میں بھلائی چاہتا

بِعِلْمِكَ — ہوں تجھ سے تیرے علم کے ذریعے۔

وَاَسْتَقْدِرُكَ — اور طاقت چاہتا ہوں تجھ

بِقُدْرَتِكَ — سے تیری قدرت کے ذریعے۔

وَاَسْئَلُکَ مِنْ	اور میں سوال کرتا ہوں تجھ
فَضْلِکَ وَرَحْمَتِکَ	سے تیرے فضل کا اور
	تیری رحمت کا
فَاِنَّھُمَا بِیَدِکَ	کیونکہ یہ دونوں تیرے
	ہی دستِ قدرت میں ہیں
لَا یَمْلِکُھُمَآ	کوئی بھی مالک نہیں ہے
اَحَدٌ سِوَاکَ	اِن کا تیرے سوا
فَاِنَّکَ تَعْلَمُ	اس لیے کہ تُو جانتا ہے
وَلَآ اَعْلَمُ	اور میں نہیں جانتا
وَتَقْدِرُ	اور تُو قدرت رکھتا ہے
وَلَآ اَقْدِرُ	اور میں قُدرت نہیں رکھتا
وَاَنْتَ عَلَّامُ	اور تُو خوب واقف
الْغُیُوْبِ ط	ہے پوشیدہ اُمور سے

اَللّٰھُمَّ اِنْ کَانَ	اے اللہ ! اگر ہو
ھٰذَا الْاَمْرُ الَّذِیْ	یہ کام جس کا تو
تُرِیْدُہٗ لِیْ	میرے لیے ارادہ کرتا ہے
خَیْرَۃً لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ	بہتر میرے لیے میرے دین کے
	لحاظ سے
وَفِیْ دُنْیَایَ	اور میری دُنیا کے لحاظ سے
وَعَاقِبَۃِ اَمْرِیْ	اور میرے انجام کار کے لحاظ سے
فَوَفِّقْہُ وَسَہِّلْہُ	تو توفیق عطا فرما اسکی اور
	آسان کر دے اسکو
وَاِنْ کَانَ غَیْرُ	اور اگر اس کے علاوہ کوئی
ذٰلِکَ خَیْرًا	اور کام بہتر ہے
فَوَفِّقْنِیْ لِلْخَیْرِ	تو توفیق دے مجھے بھلائی کی
حَیْثُ کَانَ ٥	جہاں کہیں وہ ہو۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ

جنابِ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ہمیں (اسطرح) استخارہ

سکھایا کرتے تھے۔ اللّٰھم انی استخیرک .... الخ

مجمع الزوائد و منبع الفوائد/کتاب العمل بالسنۃ ج ۱ ص ۱۱۱/۳

—•◄✱►•—

یہ دستور العمل اِس طرح رائج العمل کیا۔

اَللّٰھُمَّ　　　اے اللہ !

وَفِّقْنِیْ لِلْخَیْرِ　　　توفیق دے مجھے بھلائی کی

حَیْثُ کَانَ ط　　　جہاں کہیں وہ ہو

یا حیّ یا قیوم

اور یہ عمل، ماشاءاللہ، سرایت کے اعتبار سے

قوی العمل ہے۔　　　یا حیّ یا قیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين
وَاللهُ ذُو الفَضلِ العظيم

۱۰۵۹۱

عجب معاملہ ہے

تبلیغ کرتے ہو، خود نہیں مانتے!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفضل العظیم

۱۰۵۹۲

جو صاحب یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ کی انگوٹھی پہنا

کرتے ہیں، بیت الخلاء میں جاتے وقت

باہر رکھ کر جایا کریں۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۵۹۳

سُبْحَانَ الْعَزِيْزِ الْغَفُوْر

تیری مغفرت پہ میرا وہ قوی العزیز ایمان ہے جو کبھی متزلزل نہیں ہوتا۔ یا عزیز الغفور یا حیّ یا قیوّم

آمین آمین آمین یا حیّ یا قیوم

الحمد للحي القيوم فالله خير الرازقين

وَاللّٰهُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِيْم

۱۰۵۹۴

سُبْحَانَ الْعَلِيِّ الْاَعْلٰى سُبْحَانَهٗ وَتَعَالٰى

تیری وہ صفات ہیں اور وہ صفات ہیں جو تیری عزّت وعظمت کا بلند ترین مینار ہیں جس سے کسی کو بھی ٹھیس لگنے کا احتمال نہیں۔

یہ عمل تیرے دشمن شیطان کی ناک میں خاک ڈال دیتا ہے

واللہ باللہ تاللہ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحي القيوم فالله خير الرازقين

وَاللّٰهُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِيْم

۱۰۵۹۵

اللہ کی کرسی ہر کلام سے مزیّن، ارض و سما کی ہر شے کو گھیرے اور قائم رکھے ہوئے ہے۔ ساری مخلوق اس کے سامنے رائی برابر بھی حیثیت نہیں رکھتی۔

اللہ نے ہر مخلوق کی چوٹی کے بال اپنے دستِ قدرت میں کرکے مضبوطی سے پکڑے اور جکڑے ہوئے ہیں۔ یا حیّ یا قیوم

جو شخص وَسِعَ کُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ کہے شرِ شیطان سے محفوظ رہے، ماشاء اللہ!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْم

۱۰۵۹۶

ساری عمر کی کمائی اپنے آقا روحی فداہ صلے اللہ علیہ وسلم کی امّت کی مغفرت کے لیے مُردوں کو کھلائی اور کسی بھی قسم کی کوئی بھی شے اُکّا نہ بچائی

مُردوں کی صف میں کھڑا، قیامت ہی کا انتظار کرتا رہا۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیّوم فالله خیر الرازقین

وَاللهُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۵۹۷

فقر کے تین مدارج :

ادنیٰ ——— مقامِ رضا

میانہ ——— مقامِ صبر

اعلیٰ ——— مقامِ شکر

یہی میرے شیخ الشیوخ کی طریقت ہے یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیّوم
فالله خیر الرازقین
وَاللهُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

حضرت یونس علیہ السلام کی تسبیح

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

سُبْحَانَ الْقَاضِی الْاَکْبَرِؕ سُبْحَانَ الْخَالِقِ
پاک ہے فیصلے کرنے والا بہت بڑا　پاک ہے پیدا کرنے والا
الْبَارِیٓ ؕ سُبْحَانَ الْقَادِرِ الْمُقْتَدِرِؕ
بنانے والا　پاک ہے ہر چیز پر قدرت اور اقتدار والا
سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِہٖ ٥ ثلٰث مرّات
پاک ہے اللہ عظمت والا اور اسی کی تعریف ہے۔ ۳ بار

حضرت سیّدنا یونس علیہ السلام یوں فرمایا کرتے تھے
سبحان القاضی الاکبر..... الخ حضرت ابوسعاداتؒ کہتے ہیں کہ جو شخص اس تسبیح کو ہر روز ایک دفعہ کہے گا اللہ سبحانہٗ اسکی حفاظت کے لیے ہزار فرشتے مقرر فرمائے گا جو اسے ہر بُرائی سے بچاتے رہیں گے اور گویا کہ اس نے ہزار غُلام آزاد کیے۔
اسی طرح میں نے ایک کتاب میں لکھا دیکھا ہے جو بعض اکابر کے پاس موجود تھی اسی کے عنوان میں لکھا تھا کہ یہ ابوسعاداتؒ کی تالیف ہے مگر میں اس ترجمہ صلاح پر واقف نہیں ہوا اور نہ مجھے اس کا علم ہے اور بہتر تو اللہ ہی جانتا ہے۔ (نزہتہ المجالس و منتخب النفائس / کتاب الحل باب جح ۲ صفحہ ۱۶۷)

حضرت موسیٰ علیہ السلام کی تسبیح

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

سُبْحَانَ مَنْ هُوَ فِي عُلُوِّهٖ دَانٍ وَّفِي

پاک ہے وہ ذات جس کی بلندی میں قرب ہے اور اس کے قرب

دُنُوِّهٖ عَالٍ وَّفِي اِشْرَاقِهٖ مُنِيْرٌ وَّفِي

میں حال ہے اور اسکی چمک میں روشنی ہے اور اس کے غلبہ میں

سُلْطَانِهٖ قَوِيٌّ ○ عشر مرّاتٍ

طاقت ہے۔

حضرت ابوسعادات رحؒ کہتے ہیں کہ حضرت موسیٰ کلیم اللہ علیہ السلام کی تسبیح یہ تھی سبحان من ھو...... الخ جو شخص ان کلمات کو دس دفعہ پڑھے گا اسے چالیس ہزار حج کا ثواب ملے گا۔

(نزھتہ المجالس و منتخب النفائس / کتاب العمل بالسنۃ ج ۲ ص ۱۶۶/۷)

حضرت ابراہیم علیہ السلام کی تسبیح

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

سُوْرَۃُ الْاِخْلَاص ۝
سورۃ اخلاص
سُبْحَانَ مَنْ ھُوَ بَاقٍ لَا یَفْنٰی ط
پاک ہے وہ ذات جو باقی ہے جسے فنا نہیں ۔ پاک
سُبْحَانَ مَنْ ھُوَ عَالِمٌ لَا یَنْسٰی ط سُبْحَانَ
ہے وہ جو جاننے والا ہے بھولتا نہیں ۔ پاک ہے وہ
مَنْ ھُوَ قَیُّوْمٌ لَا یَنَامُ ط سُبْحَانَ مَنْ
جو قیوم ہے سوتا نہیں ۔ پاک ہے وہ جو
ھُوَ دَائِمٌ لَا یَسْھُوْ ط سُبْحَانَ مَنْ
ہمیشہ ہے غافل نہیں ہوتا ۔ پاک ہے وہ جو
ھُوَ وَاسِعٌ لَا یَتَکَلَّفُ ط سُبْحَانَ مَنْ ھُوَ
فراخی والا ہے تکلیف نہیں دیتا پاک ہے وہ جو قائم
قَآئِمٌ لَا یَلْھُوْ ط سُبْحَانَ مَنْ ھُوَ
ہے غافل نہیں پاک ہے وہ جو

عَزِیۡزٌ لَّا یُضَامُ ۝

غالب ہے جس پر کسی قسم کا جبر نہیں ہو سکتا۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ حضرت سیّدنا ابراہیم علیہ السلام نے سکندر ذوالقرنینؒ سے مل کر پوچھا کہ تُو نے روئے زمین کو کس طرح طے کیا اور مشرق و مغرب کا کیونکر بادشاہ بنا؟ تو اُنہوں نے کہا قل ھو اللہ احد اور چند مبارک کلمات کے پڑھنے سے۔ جو شخص انہیں پڑھے گا، اللہ تعالیٰ اس کے لیے لاکھ نیکیاں لکھے گا اور لاکھ گناہ اس کے اعمال کے دفتر سے مٹائے گا اور اس کے لاکھ ہی درجے بلند کرے گا۔ حضرت سیّدنا ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا اچھا ان کلمات کو مجھ پر پیش کرو اور مجھے پڑھ کر سناؤ۔ تو انہوں نے یہ کلمات پڑھے :

سبحان من ھو باق ..... الخ

(نزھۃ المجالس و منتخب النفائس / کتاب العمل بالسنۃ ج ۲ صفحہ ۱۶۵/۶)

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ

سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ

وَسَلٰمٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

آمین

امروز سعید و مسعود و مبارک یکم ربیع الاول ۱۴۱۱ سنہ ہجری المقدس

ابوانیس محمد برکت علی لودھیانوی عفی عنہ
المہاجر الی اللہ والمتوکل علی اللہ العظیم،
المستفیض دار الاحسان چک ۲۴۲ ر۔ب (دسوھہ) سمندری روڈ ضلع فیصل آباد پاکستان
فون نمبر: ۴۶۶۰۰

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ یا حی یا قیوم اللھم صل وسلم وبارک علیٰ سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد
النبی الامی وعلیٰ آلہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضیٰ نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الٰہ الا ھو
الحی القیوم واتوب الیہ یا حی یا قیوم

قُل

عِشقُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمْ

مَذْهَبِى وَحُبُّهُ مِلَّتِى

وَطَاعَتُهُ مَنْزِلِى!

(یہ کہہ) حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے عشق میرا
مذہب محبّت میری ملّت اور اتّباع میری منزل ہے

ابوانیس محمّد برکت علی لودھیانوی عفی عنہ

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ
آمین آمین آمین یا ربّ العٰلمین ط

بسم اللہ الرحمن الرحیم ماشاء اللہ لاقوۃ الا باللہ یاحی یاقیوم

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولنا وحبیبنا محمد النبی الامی

وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک

وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

یاحی یاقیوم

مکشوفاتِ

منازلِ اِحسانؒ

المعروف بہ

مقالاتِ حکمت

دارُالاِحسان

ابو انیس محمد برکت علی لودھیانوی‘

المقام النجاف الصحاف لمقبول المصطفین ۰ دارُالاِحسان فیصل آباد
پاکستان